Chief Davis himself simply says, **"Everyone needs to know that the chief is the chief for everybody -- not just the majority, not just for those in power."** He adds that Ramadan **"helps you focus on what is important in life: your family, the roof over your head, the community you live in, the country that afforded us all of this. ... At the end of the day, we're all the same."**

Americans take seriously the Constitutional guarantees of freedom of religion and respect the right of all Americans to worship as they choose. With the increasing awareness of Ramadan and of the growing community of Muslims within the United States, those guarantees and that respect have grown to embrace an important part of an increasingly diverse population.

Marjorie R. Harrison
Public Affairs Officer
U.S. Embassy
Port Louis
October 28, 2004

USU INFO

1. HEADQUARTERS OF THE URDU SPEAKING UNION

The Urdu Speaking Union will be henceforth operating in a beautiful colonial building, next to Municipality of Quatre Bornes in a congenial and calm environment.

The inaugural ceremony was organized amidst the Chairperson and members of the USU around a tea-party in August, 2004.

The first official activity, a "**Mehfil-é-Naat**" by Qari Syed Mohammad Fasihuddin Soharwardy, held a week later, in the presence of the Lord Mayor of Curepipe, Ahmad Mohammad; PPS Anwar Oomar; Rashid Daureeawoo, Member of the National Assembly; M. Bhatt, Second Secretary of the Indian Embassy; Ishaq Joonas, Mutawalli of Jummah Masjid amongst other invitees.

The visit of Qari Fasihuddin, who was accompanied by his son and daughter, was made possible thanks to an intitiative of "*Mehfil-é-Naat Association*", in collaboration with the Urdu Speaking Union.

The new site housing our Union, which was well decorated for the occasion, resounded with melodious voice of Qari Fasihuddin who gratified the gathering with the popular stanzas:

Yaa Rab hai Baksh déna bandé ko kaam Téra
Mehroom nah na jaayé kal yé ghulam Téra

Keisé aala makaam hain ham log
Ham jalaté hein naat ki shamein

Chamak Tujhsé paaté hein sab pane wale
Mera dil bhi Chamkaadé chamkanéwalé"

The participation of Iqbal Raout, from South Africa, and of the young Zainul Abedeen, the Qaari's ten year old son, was also worthy of appreciation.

During his short visit to Mauritius, Qaari Fasihuddin gave recitals in every nook and corner of the island, starting with a Gala Show at the Auditorium Octave Wiehé, Réduit which was followed by others: at Phenix, Curepipe, Flacq, Souillac, Goodlands, Port Louis, including a memorable recital at the Jummah Masjid on the Blessed Night of **Me'raaj**.

Ever since its creation, the Urdu Speaking Union has been committed to the propagation and promotion of Urdu, through the organization of many activities: cultural progmammes, conference, competitions, radio/t.v programmes, etc. Many others are expected to increase in its headquarters with a proper administrative and technical setup. An Administrative Secretary and a computer operator have been recruited on contract for a better and smooth running of the activities of the Union.

2. VISIT OF TALAT AZIZE

The Indian talented ghazal singer, **Talat Azize** was in Mauritius last July, on the invitation of Deven Maulloo/Sly Bunjun, Prime South Media, in the context of the celebration of his silver jubilee in the field of Indian Music.

The visit was sponsored by different sectors, including the Urdu Speaking Union, for a unique performance at Octave Wiehé, Réduit.

That was the second visit of the renowned artist to our tiny island, the first one going back to the 1st International Urdu Conference, organized by the National Urdu Institute in collaboration with the Ministry of Arts and Culture.

Both visits proved to be successful, leaving their prints in the sands of time.

3. EDUCATION

The Urdu Speaking Union has sent a memorandum to the Minister of Education & Scientific Research in connection with the re-structurisation of the Urdu language, both at Primary and secondary level. It is indeed encouraging to learn that the government has brought the Asian languages at par with other subjects at Primary education level, more specifically, at CPE exams level.

At Secondary level, there exists a certain disparity between Urdu and the other languages. The USU is looking forward to a working session with the Minister of Education & Scientific Research, in line with suggestions already submitted for discussion. An organigram for both Primary and Secondary level has already been submitted to the Ministry for a follow-up.

4. MEDIA

A delegation of the Urdu Speaking Union, headed by its Chairman, had a meeting with the director General of the MBC to discuss grievances concerning Urdu programmes at the MBC, viz:

- Re-introduction of Urdu Khabrein (News in Urdu) on Radio and TV.
- Re-scheduling of Naa't programme '**Aqeedat Ke Phool**'.
- Provision of better Urdu serials, both from India and Pakistan.
- Organise ghazal singing programme on a yearly basis.
- Appointment of an Urdu Producer at its earliest convenience in replacement of the late predecessor **Abdool Hakim Peeroo**

5. ACTIVITIES

The visit of Aslam Sabri Qawwal in the context of the National Eid Celebrations has been made possible, thanks to the collaboration of His Excellency Pripuran Singh Haer, the High Commissioner of India and Honorable Motee Ramdass, Minister of Arts & Culture, upon the request of the Urdu Speaking Union.

URDU EXAMINATIONS 2004

The Urdu Examinations for Pre-Ibtidaai, Ibtidaai, Adeeb, Adeeb Mahir and Adeeb Kamil will be held on the 7th, 8th and 9th December 2004, at the Islamic Cultural College,Port Louis. Copies of time-tables have already been dispatched. In case of non-delivery, candidates concerned are requested to call on **4679200** for any query, or contact personally the Secretary of the National Urdu Institute, Mr. Khaleck Bauccha or Mr. Saeed Meeajun at the seat of the National Urdu Institute, Plaine Verte, Port Louis.

6. ACADEMIC

The USU wishes to inform the Urdu lovers that the campaign "ANOU APRAN OURDOU" is on. A committee is working upon the elaboration of this programme to be officialised in the near future. The Urdu lovers and students will have the opportunity to enhance their knowledge and talent through this programme.

VISIT TO PAKISTAN

It was the first time in our History that a Mauritian Prime Minister made an official visit to Pakistan. In the month of October, 2004, the delegation comprised high officials and personalities from different sectors, including the chairperson of the Urdu Speaking Union, Shehzad A. Ahmed.

The objective aimed at consolidating the bilateral cooperation and cultural agreement between Mauritius and Pakistan. Following fruitful discussions in the commercial, educational and cultural fields, it has already been given to understand that the Government of Pakistan has agreed to send the renowned ghazal singer, Ghulam Ali in Mauritius in the context of the National Eid Celebrations scheduled for the 28th of November. The Ministry of Arts and Culture is organizing the event with the collaboration of Islamic Cultural Centre and the Urdu Speaking Union.

KHALIL GIBRAN

Grande fut ma surprise de constater, lors d'un séminaire à la Matemelle au CREFOI (Centre de Recherche pour l'Enseignement du Francais dans l'Ocean Indien) à Madagascar lorsque fut presenté et interpreté le poème suivant, du poète persan Khalil Gibran.

Vos enfants ne sont pas vos enfants
Ils sont les fils et les filles de la vie elle-meme
Ils viennent à travers vous
Mais ils ne vous appartiennent pas
Vous pouvez leur donner votre amour
Mais pas vos pensées
Vous pouvez abriter leur corps
Mais pas leur esprit
Car leur esprit habite
Dans la maison de demain
Que vous ne pouvez visiter
Même dans vos rêves
Vous pouvez vous efforcer d'être comme eux
Mais n'attendez pas qu'ils vous ressemblent
Car la vie ne revient pas en arrière
Et n'appartient pas au passé

Nombreux sont les parents qui veulent faire la main-mise sur leurs progeniture, mais souvent ces derniers expriment un sentiment de révolte.car leurs aspirations ne sont pas les mêmes. C'est bon signe..car si on persistait dans cette voie, l'humanité se sentirait étouffée et perdrait sa liberté épanouissement.

Je vous, pour cette raison, ai proposé comme réflexion ces vers du poète connu de par le monde.

Vous conviendrez que la liberte d'agir d'après leurs aptitudes et leurs attitudes a permis à plusieurs personnages marquants de la planète d'offrir; au monde des chef-d'oeuvres, inventions ou des découvertes, qu'on n'aurait jamias imaginées et qu'on aurait cru impossibles mais qui ,après leur realisation ont donné à notre vie une dimension nouvelle.

Avec raison on a dit :
L'homme n'est qu'un roseau
Le plus faible de la nature
Mais c'est un roseau pensant.

Assalaamu alaikum
Eid Mubarak
Al-Hadj Cassam Boolaky

کمزور پیروں سے مضبوط سفر، روشنی کی طرف

ہر پودے میں جس کی جڑیں زمین میں ہوں اس کی ٹہنی پر جب بھی کوئی کلی پھوٹتی ہے اس پودے سے اور اپنی جڑوں میں لپٹی زمین سے ایک سوال کرتی ہے۔۔۔۔ یہ کہ اسے کھلنے دیا جائے۔ اگر مٹی میں کوئی خرابی نہیں تو پودا بھی وقت کے ساتھ ساتھ پنپتا جائے گا۔ پودے میں نئی پتیاں آتی جائیں گی۔ نئے پھول کھلیں گے۔ ایسا اگر نہیں ہوتا تو غلطی کس کی ہے؟ پودے کی یا تو پودے کی دیکھ بھال کرنے والوں کی؟ ہمارے خیال میں یہ سوال بہت مشکل نہیں ہے اور اس کا جواب ہمیں اپنے آپ سے ہی پوچھنا چاہئے۔

صحت مند بچے، بیمار بچے، لائق بچے معذور بچے۔۔۔۔۔ یعنی کے بچے جیسے بھی ہوں بچے ہوتے ہیں اور ہر بچے جیسے بھی ہوں بچے ہوتے ہیں اور ہر بچے کا اپنے والدین پر، سماج پر، دنیا پر کچھ حق ہوتا ہے۔ ہمیں یہ اختیار کس نے دیا ہے کہ ہم کچھ بچوں کی دیکھ بھال اور تربیت پر تو اپنے امکان بھر محنت کریں اور کچھ بچوں کی طرف سے آنکھیں پھیر لیں۔ یا اپنے آپ ہی طے کر لیں کہ کچھ بچوں کی تربیت اور پرورش ہماری طوقت سے باہر ہے۔ معذور بچوں کے سلسلے میں طرح طرح کی غلط فہمیاں پھیلی ہوئی ہیں۔ کئے زمانوں میں تو ذہنی معذوری کو بہت سے لوگ قسمت کا کھیل سمجھ لیتے تھے۔ یا یہ مان لیتے تھے کہ ہونہ ہو اس بچے پر کسی آسیب کا سایہ ہے۔ جھاڑ پھونک گنڈا تعویذ اور خدا جانے کیا کیا ترکیبیں کی جاتی تھیں۔ جب نتیجہ کچھ بھی نہیں نکلتا تھا تو لوگ صبر کر کے بیٹھ جاتے تھے۔

ہم نے ایسے والدین بھی دیکھے ہیں جو اپنے معذور بچوں کی موجودگی سے خواہ مخواہ شرمندہ ہوتے ہیں۔ کوشش کرتے ہیں کہ بچے کسی مہمان کے سامنے نہ آئیں۔ گھر سے باہر نہ نکلیں۔ ایسے بچوں کے برتاؤ میں کسی طرح کا تشدد نہ ہو تب بھی لوگ ان سے ڈرنے لگتے ہیں۔ کمزور عقیدہ رکھنے والے کچھ لوگ اپنے بچوں کو ایسے بچوں سے دور رکھتے ہیں۔ انہیں یہ ڈر لگا رہتا ہے کہ ان خیال کے مطابق معذور بچے کے سر پر جس آسیب کا سایہ ہے وہی آسیب ان کے بچے کو بھی تنگ کرنا شروع نہ کر دے۔

خدا بھلا کرے سائنس کی ترقی کا اور اس کے نتیجے میں پھیلنے والی روشن خیالی کا کہ اب ایسے بہت سے واہمے ختم ہوتے جا رہے ہیں ذہنی معذوری کے بارے میں ہمارا رویہ تبدیل ہوا ہے بہت سی غلط باتیں دھیرے دھیرے اب غلط سمجھی جانے لگی ہیں۔ ایسے بچوں کی طرف توجہ بڑھی ہے ایسے بچوں کی تربیت کے لئے مخصوص ادارے قائم کیے گئے ہیں۔ ان بچوں کے اندر چھپی ہوئی صلاحیتوں کو سامنے لانے کے طریقے نکالے گئے ہیں۔ یہ تو ہماری معذوری یوں کہئے کہ کم نظری ہے کہ ہم خود ذہنی اعتبار سے کیے جانے والے بچوں کو ان کی پوشیدہ طاقتوں کو، ان کے تخیل کو اور ان کی ہنرمندی کو سمجھ نہیں پائے۔ آپ نے معذور بچوں کی بنائی ہوئی تصویروں کا کارڈ دیکھے ہوں گے۔ ان بچوں کے وجود میں کیا آپ کو کوئی فن کار چھپا ہوا نظر نہیں آتا؟ وہ کتنے اور تخیل ہوتے ہیں۔ رنگوں اور لکیروں کی زبان میں کتنا کچھ کہہ جاتے ہیں۔ اب یہ ہماری کوتاہی ہے کہ ہم انکی زبان کو نہیں سمجھتے۔ دراصل یہی تو ہمارے اور ان کے درمیان کا فاصلہ ہے وہ تو اپنی سی کرتے ہیں، اپنی سی کہہ گزرتے ہیں۔ قصور ہمارا ہے کہ ہم سوائے ان باتوں اور کاموں کے جنہیں ہم روز روز دیکھتے آئے ہیں، ان بچوں کی باتیں اور ان کے کاموں کی تہہ تک نہیں پہنچ پاتے۔

ہم آنکھیں بند کر لیں تو کسی حد تک یہ محسوس کر سکتے ہیں کہ آنکھوں سے محرومی اور اندھے پن کی اذیت یا مجبوری کیا ہوتی ہے۔ کانوں میں روئی ٹھونس لیں تو بہرے پن کا کچھ اندازہ لگا سکتے ہیں۔ لیکن ذہنی معذوری کو سمجھنے کا ایسا کوئی طریقہ ہمارے پاس نہیں ہے۔ اسی لئے ماہرین کا کہنا ہے کہ ذہنی معذوری (mental retardation) ایک مبہم نہیں ہے۔ ایک واہمہ نہیں ہیں۔ ایک خام خیالی نہیں ہے۔ بہت سی معذوریوں کی طرح یہ بھی ایک معذوری ہے، ایک کمزوری ہے، عام کمزوریوں کی طرح جس چیز کو ہم محسوس ہی نہیں کر سکتے اس کے بارے میں اپنی آسانی سے کوئی فیصلہ کر لینا کہاں تک مناسب ہے۔ ذہنی معذوری کو صرف عذاب سمجھ لینا آسیب کا اثر سمجھ لینا حماقت ہے۔ اسی طرح یہ سمجھنا کہ ذہنی معذوری عام بیماری نہیں ہے یہ بھی غلط ہے ایک اندازے کے مطابق ہمارے ملک میں تین فی صدی بچے ذہنی طور پر کسی نہ کسی حد تک معذور ہوتے ہیں اور ایک ہزار میں سے کم از کم تین یا چار بچے شدید طور پر ذہنی معذور ہوتے ہیں۔

اس سلسلے میں یہ سوچ کر بھی بیٹھ نہیں جانا چاہئے کہ ذہنی معذوری ہمیشہ بچے کو اپنے والدین سے یا اپنے خاندان سے ہی ورثے میں ملتی ہے۔ اس کے اسباب پر غور کیا جائے تو جو باتیں سب سے پہلے سامنے آتی ہیں وہ اس طرح ہیں۔ پہلی بات تو یہ کہ کبھی کبھی ذہنی معذوری کا سبب بچے کی پیدائش کے بعد کے دو برسوں میں اسے متوازن غذا کا نہ ملنا ہے، اس کی وجہ کچھ بھی ہو سکتی ہے۔ ماں کی بیماری یا کمزوری کی وجہ سے ماں کا سامنا دودھ نہ ملنا، گھر کے خراب مالی حالات یا کسی طرح کی لاپرواہی وغیرہ۔

دوسری بات یہ ہے کہ بچے کو کہیں پیدائش کے وقت دماغی چوٹ تو نہیں پہنچی ہے۔ تیسری بات یہ کہ پیدائش نارمل طریقے سے نہ ہوئی ہو اور اس معاملے میں کوئی بڑی مشکل یا پیچیدگی پیدا ہو گئی ہو۔ کبھی کبھی پیدائش سے پہلے ماں کو جرمن میزلس نکل آئے تو اس سے بھی بچے پر برا اثر پڑتا ہے۔ پیدائش کے فوراً بعد ہی اگر بچے کو شدید طور پر جانڈس ہو جائے تو یہ بھی معذوری کا سبب بنتا ہے۔ چوتھی بات یہ کہ بچے کو سرگی کے ایسے دورے پڑتے ہوں جن پر قابو نہ پایا جا سکا ہو۔

ہم اوسکے کی طرف آتے ہیں۔ ایک غلط فہمی بہت عام ہیں کہ بچے کو اگر وٹامن خوب دیے جائیں اور ٹانک پلائے جائیں تو ذہنی معذوری دور ہو سکتی ہے۔ یہ بات بھی درست نہیں ہے۔ ایسی بھی کوئی دوا نہیں جس سے سست دماغ تیز ہو جائے۔

کچھ والدین ذہنی طور پر معذور اولاد کا علاج یہ سمجھتے ہیں کہ ان کی شادی کر دی جائے۔ بیٹا یا بیٹی جسمانی طور پر بالغ ہو جائیں اور ذہنی طور پر معذور رہوں تو ضروری نہیں کہ یہ کمی شادی سے دور ہو جائے۔ شادی ذہنی معذوری کی دوا نہیں ہوتی۔

یہ سوچنا کہ تمام ذہنی طور پر معذور افراد ایک جیسے ہوتے ہیں یا ان میں ایک ہی جیسی کمی ہوتی ہے بالکل غلط ہے۔ یہ سوچنا غلط ہے کہ ذہنی معذوری کے شکار بچوں کو بہت زیادہ پیار دیا جائے۔

جاری .....

نظم : از انیس اشفاق
صدر شعبۂ اردو، لکھنؤ یونیورسٹی

دور تک کیا عجیب منظر ہے — جس طرف دیکھیے سمندر ہے
روشنی میں نہا رہے ہیں شجر — منظروں کی قبا منور ہے
دور تک خوشبوؤں کی بستی ہے — دور تک یہ فضا معطر ہے
صبح کو عارضِ کنارۂ آب — بوسۂ موج سے منور ہے
شام کو سایۂ درختاں میں — تہہ موجوں کا نرم بستر ہے
آسماں پیرہن ستاروں کا — ریت پر چاندنی کی چادر ہے
ساحلوں پر ہجوم پریوں کا — فرشِ موجِ دل ہوا پر ہے
کشتیِ گل میں یہ آبِ رواں — دیدۂ دل محیطِ منظر ہے
پھر تہہِ آب ڈھونڈتے ہیں صدف — پھر ہمیں جستجوئے گوہر ہے
گھر میں روشن خموشیوں کے چراغ — اور موجوں کا شور باہر ہے
کھل رہی ہے قبائے قطرۂ آب — بحر ہے یا کوئی کھلی تر ہے
حسن ہی حسن ہر طرف ہے یہاں — یہ جزیرہ بہشت منظر ہے
دور پانی میں ڈوبتا سورج — فرشِ دریا پہ نرخ چادر ہے
وقت ڈالے ہوئے ہے پردۂ شام — شور کرتا ہوا سمندر ہے
میں اکیلا کھڑا ہوں ساحل پر — ایک طوفان میرے اندر ہے
ہٹ رہی ہے نگاہ منظر سے — کوئی چہرہ کہیں منور ہے
دل کسی اور کی تلاش میں ہے — کوئی سایہ میرے برابر ہے
آ رہی ہے اسی غزال کی یاد — دل میں روشن اسی کا پیکر ہے

☆ (یہ اشعار موریشس کی خاموش اور خوبصورت فضاؤں میں سمندر کے کنارے کہے گئے ہیں)

مختلف ممالک میں عید الفطر

اور جیسے ہی چاند نظر آجاتا ہے وہ اپنے ساتھ جو موسمی تبدیلی کا آلہ 'کیوما' (Kigoma) لاتے ہیں اسے بھری سڑک پر بڑے جوش و خروش کے ساتھ بجا کر عید کا اعلان کرتے ہیں۔ یہ جلوس کافی دیر تک اظہار مسرت کرتے ہوئے شہر میں طویل مسافت طے کرتا ہے۔ اس بے مثال طریقے سے لوگوں کو آشنا کیا جاتا ہے کہ عید اگلے دن منائی جائے گی۔

عید کی رونق اور چہل پہل زیادہ اسی شہر میں نظر آتی ہے۔ سب کے چہروں پر اور دلوں میں ایک عجیب کیفیت پائی جاتی ہے۔ مرد اپنے بہترین اور نئے عربی لباس میں صبح کو اپنے گھر سے مسجد کے لیے رخصت ہوتے ہیں اور شلوار قمیص میں ملبوس خواتین سج دھج کر اس پُر لطف فضا کو مزید رونق بخشتی ہیں۔ اس روز کا خاص اور لذیذ پکوان سوئیاں ہے جو کچے پیتے سے بنتی ہیں..... (بے اکمال کی سوئیاں!) علاوہ ازیں چاول، بلاؤ کیا، پانی وغیرہ کھانے بنائے جاتے ہیں جو بڑے شوق اور چاہ سے کھائے جاتے ہیں۔ بعد ازاں لوگ اپنے اپنے گھر اپنے ہم نسل کے درمیان خوشیاں مناتے ہیں اور اپنا دن آسودہ طریقے سے گزارتے ہیں۔ عیدی دینے کا دستور، کون سا بچہ اس سے انجان ہے؟ کینیا میں عیدی نذرانے کے طور پر بچوں کو پیسے کی بجائے مٹھائی کی صورت میں پیش کی جاتی ہے۔

* (اس مضمون کو لکھنے میں پورٹ ٹھلوس کی جامع مسجد کے خطیب اسلامی حافظ علی صاحب کا بڑا تعاون رہا اور اس کے لئے ہم تہہ دل سے شکر گزار ہوں۔)

موری شس میں عید

مومن اللہ کی رضامندی اور خوشنودی کے لئے اپنے رب کی عبادت میں مشغول ہوتا ہے۔ جب رمضان کا مہینہ آتا ہے تو وہ بندہ اور مستعدی کے ساتھ کمربستہ ہو کر کچھ اور زیادہ وقت عبادت الٰہی میں گزارنے لگتا ہے۔ جس وقت اس کو گہری نیند میں اپنے بستر پر ہونا چاہئے اس وقت وہ بیدار ہو جاتا ہے۔ سحری کی تیاری کرتا ہے۔ سحری کرتا ہے۔ وقت پر نماز ادا کرتا ہے۔ قرآن کی تلاوت کرتا ہے۔ ندامت کے آنسو بہاتا ہے۔ اپنے گناہوں سے توبہ کرتا ہے۔ استغفار کرتا ہے۔ الغرض اللہ کے ذکر میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ غروب آفتاب تک بھوکا پیاسا رہتا ہے۔ متقی و پرہیز گار بننے کی ہر ممکن کوشش کرتا ہے۔ کیوں نہ ہو۔ رمضان کا فرض روزہ ہی ایک ایسی عبادت ہے جو مومنوں اور روزے داروں کو متقی بنا دیتی ہے۔ دن بھر کا پیاسا ہوتا ہے، کھانے پینے کی عمدہ عمدہ چیزیں سامنے رکھی ہوتی ہیں۔ لیکن وہ اسے ہاتھ نہیں لگاتا جب تک افطار کا وقت نہیں ہو جاتا ہے۔ گویا اس کو صبر کا تلقین دے رہا ہو۔ صرف انتہائی نہیں، اللہ کا وہی فرمانبردار بندہ۔ بہت ہی پابندی کے ساتھ تراویح کی نماز ادا کرتا۔ رات کو دیر تک امام صاحب کے پیچھے پورے قرآن کی تلاوت سنتا ہے۔ کڑی محنت و مشقت کے ساتھ گرمی ہو یا سردی رمضان کے روزوں کو پورا کرتا ہے۔

رمضان کا پورا مہینہ عبادت الٰہی میں گزارنے کے بعد بالآخر عید کی تلاش میں مصروف ہو جاتا ہے۔ نیا چاند نظر آتے ہی اس کا چہرہ منور ہو جاتا ہے۔ دل مسرور ہو جاتا ہے۔ اب اس کو اطمینان ہو جاتا ہے کہ اگلے روز اسے روزہ نہیں رکھنا ہے۔ وہ کل عید منائے گا۔

شوال کی پہلی تاریخ کو پورے عالم کے مسلمان عید مناتے ہیں۔ خوشی کا تہوار ہوتا ہے۔ ہر ایک کے چہرے پر خوشی کی لہر دوڑتی ہے۔ پھر سے ایک بار وہ متقی بندہ سویرے سے جاگتا ہے۔ فجر کی نماز پڑھتا ہے۔ نماز عید کے لئے غسل فرماتا ہے۔ نئے کپڑوں میں ملبوس ہو جاتا ہے۔ کپڑے میں عطر لگاتا ہے۔ اپنی آنکھوں میں سرمہ لگاتا ہے۔ اور تکبیر کہتے ہوئے عیدگاہ کی طرف روان ہو جاتا ہے۔

یہ سماں اور یہ نظارہ دیکھ کر فرشتے بہت ہی محظوظ ہوتے ہیں۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ اپنے بندوں سے بہت خوش ہوتا ہے۔ اپنے رحم و کرم سے اپنے بندوں کو ان کی پوری پوری مزدوری عطا کرتا ہے اور کہتا ہے "اے بندو آج میں نے تمہیں بخش دیا" روزے دار تو آج روزے سے نہیں ہے پر وہ اپنی حاضری دیتا ہے اور اللہ کے دربار میں شکریہ بجالانے کے لئے سجدہ کرنے چلا آتا ہے۔

ہمارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک نہایت ہی اچھی بات قائم کردی ہے کہ ہر مسلمان پر واجب کردیا ہے کہ عید کی نماز پڑھنے سے پہلے صدقۃ فطر ادا کرلے۔ یہ اس لئے کہ وہ صدقۃ فطر پاکر غرباء اور مساکین بھی عید کی خوشی میں شامل ہو جائیں۔ اور اس کے صدقۃ فطر ہی کی وجہ سے اس کو عید الفطر کہتے ہیں۔

عید کے دن مسلمان ایک اور بہت ہی اچھا کام کرتا ہے۔ وہ اپنے مرحومین کو محروم نہیں رکھتا ہے۔ محرومین کو بھی عید کی خوشی میں شامل کرلیتا ہے۔ عید کی نماز سے فارغ ہو کر گھر لوٹتا ہے۔ اپنے گھر والوں سے گلے ملتا ہے۔ سوئیاں پیتا ہے پھر فرصت پاتے ہی قبرستان جاتا ہے۔ اپنے بزرگوں، رشتہ داروں اور دوسرے مسلمانوں کی قبروں پر فاتحہ پڑھتا ہے اور ان قبر والوں کے لئے دعاء مغفرت کرتا ہے۔

عید الفطر کے دن ہر ایک کے گھر میں خوشی کا ماحول ہوتا ہے۔ ہنسی مذاق کرتے ہیں۔ گھر گھر جا کر سلام کرتے ہیں۔ گلے ملتے ہیں۔ اپنے اپنے بچوں کو تحفہ پیش کرتے ہیں۔ رنگ برنگ کے نئے کپڑوں میں سب ہی خوبصورت نظر آتے ہیں۔ ہر ایک کے گھر میں اچھا اچھا کھانا تیار ہوتا ہے اور مل جل لذیذ کھانے کو بانٹ کر کھاتے ہیں۔

عید کا دن وہ موقع ہوتا ہے جب کہ اپنی خوشی میں ہر ایک کو شامل کرلیتے ہیں۔ عید ہمیں وہ پیغام دیتی ہے کہ ہم اپنی دشمنی بھول جائیں۔ تمام شکوے گلے دور کردیں۔ تمام رنجشوں کو بھول جائیں اور گلے مل کر تمام کدورتوں کو مٹا ڈالیں۔ عید کہتی ہے امن کی زندگی بسر کرو۔ اتحاد و اتفاق میں برکت ہے اور نفاق میں بربادی ہے۔ دوسرے کو معاف کرنے سے اپنی معافی حاصل ہو سکتی ہے۔

دل کی گہرائی سے یہ دعا نکلتی ہے کہ یہ عید خوشیوں سے ہمارے دامن کو بھر دے۔ چین و امن کی زندگی حاصل ہو۔ جس طرح عید کے دن خوش ہیں اللہ تعالیٰ ہمیں زندگی بھر خوش و خرم رکھے۔ اللہ ہمیں ایسی دیگر ساری عیدیں نصیب عطا کرے۔ آمین!

سب ہی کو عید الفطر مبارک۔

اکبر ادریس علی محمد

نظم: **فلسطین** از: صابر گوہر

ظلم تو ظلم ہے بڑھتا ہی رہے گا
پر فلسطین کل جیتا بنے گا

۱۔ رنگ تو لائے گا لہو جو بہا ہے
کب یہاں زخم کو کسی نے سیا ہے
عشق ہر دل میں اب فلسطین کا ہے
درد کی آخری یہی اک دوا ہے
غم نہیں ہر بچہ یہاں کا مرے گا
پر فلسطین کل جیتا بنے گا

۲۔ طاقتِ صیہونی مٹے گی جہاں سے
اس کا بھی سامنا ہو دور خزاں سے
گل کھلے گا نیا ہر اک گلستاں سے
صبح نو آئے گی صدائے اذاں سے
اک نیا ورق اس زمیں پہ کھلے گا
پر فلسطین کل جیتا بنے گا

۳۔ آتش دل بھڑک اٹھے گی کبھی تو
یہ فصیل عدو گرے گی کبھی تو
کشتی مظالم ڈوبے گی کبھی تو
وقت کی تشنگی بجھے گی کبھی تو
جذبۂ دل مگر نہ ہرگز دبے گا
پر فلسطین کل جیتا بنے گا

۴۔ اے فلسطین ہم ترا ساتھ دیں گے
جنگ یہ ہم بھی اب مسلسل لڑیں گے
ظلم کی آگ سے بھلا کیوں ڈریں گے
وقت پر جان کی نہ پرواہ کریں گے
خون تو خون ہے کسی دن بہے گا
پر فلسطین کل جیتا بنے گا

۵۔ انبیاء کے قدم پڑے ہیں یہیں پر
خون شہدا بہا ہے اس سرزمیں پر
مہر توحید ہے لگی ہر جبیں پر
حق ہمارا ہے قبلۂ اولیں پر
یہ تشدد کوئی کہاں تک سہے گا
پر فلسطین کل جیتا بنے گا

افسانہ:

فریب

موسم گرما کا ایک دن۔ ظہرانے کے بعد عشرت کھلی فضا میں اپنی آرام کرسی پر لیٹی ہوئی من ہی من میں جانے کیا سوچ رہی تھی۔ کیا سوچ سکتی تھی وہ؟ معلوم نہیں۔ کسی زمانے میں وہ کتنی خوبصورت تھی، بالکل حسن کا مجسمہ جیسا۔ کتنا غرور تھا اسے اس چہرے پر۔ اسے، بخوبی احساس تھا کہ کتنے دلدادہ اس کے حسن پر فریفتہ تھے۔ کتنے عشاق اس کے لئے دامن پھیلائے بیٹھے تھے۔ لیکن اب تو اس کی شادی ہو چکی تھی۔ وہ رشتوں کی بندش میں قید ہو چکی تھی۔

اس دوران، حمیدہ، اس کی نوکرانی، شہناز کو گود میں لیتی ہوئی اس کے پاس پہنچی۔ حمیدہ بھی دل ہی دل میں سوچ رہی تھی کہ آج کل اس کی میڈم کو جانے کیا ہو گیا۔ گم سم سی بیٹھی رہتی ہے۔ نہ اپنی دو برس کی بچی شہناز سے کھیلتی ہے، نہ چھیڑ چھاڑ، نہ اس پہ ممتا نچھاور کرتی ہے۔ جانے کہاں کھو گئی تھی۔ زندگی سے اتنی بیزاری کیوں؟ آخر کس چیز کی فکر تھی اسے؟

پریشانیوں اور الجھنوں کی دلدل میں پھنستے پھنستے اس کی مسکراہٹ غائب ہو گئی تھی، اس کا چہرہ زرد اور کمزور آنکھیں مزید دھنس گئی تھیں۔ جسم تو جیسے زندہ نعش۔ زندگی اس کے پاس تھی لیکن اس کی روح اس سے جدا تھی۔ روح کے بغیر کیا زندگی بھی کوئی زندگی ہوتی ہے! روح ہے تو زندگی ہے، ورنہ نہیں۔ لیکن عشرت تو بے روح تھی، اس کے تمام حواس مردہ ہو گئے تھے۔

گہرے سوچ میں عشرت کو پاتے ہوئے، حمیدہ بھی گھبراہٹ میں وہاں سے رخصت ہوئی اور ایسی حالت میں بچی کو اس کے ہاتھ میں تھمانا کوئی عقلمندی کی دلیل نہیں تھی اور اب تو اشفاق کے لوٹنے کا وقت بھی تھا۔

اشفاق ۔۔۔۔ یہ ایک معمولی، سادہ لوح انسان تھا۔ اسے زندگی سے محبت تھی۔ اس کی چھوٹی سی دنیا میں عشرت اور شہناز قیام پزیر تھیں۔ اس کی دنیا چھوٹی ہی سہی، لیکن اس میں محبت کا جو سمندر موجزن تھا، وہ یقیناً کافی تھا۔ اس کے دل کے گھر میں عشرت کے لئے بے پناہ جگہ تھی۔ اس کی زندگی کی گاڑی عشرت نام کے پہیئے سے چلتی تھی گویا عشرت ہے تو اشفاق ہے ورنہ اس کی کوئی ہستی ہی نہیں۔ اشفاق کوئی غیر نہیں بلکہ عشرت کا شوہر تھا۔

عشرت سے پہلی ملاقات کیسے بھول سکتا ہے وہ! ماضی کی وہ تصویر جو اس کا حال ہے اور شاید استقبال بھی، جب جب اس کی آنکھوں سے گزرتی ہے، وہ کس قدر کھلکھلا اٹھتا ہے۔ چاروں طرف جیسے محبت کی خوشبو بکھر جاتی ہے۔ اس کے سانولے چہرے پہ گلابی چھا جاتی ہے۔ کائنات کی فضائیں رنگین نظر آتی ہیں، ذرہ ذرہ، قطرہ قطرہ اس کو مسکراتا ہوا نظر آتا ہے۔ مگر۔۔۔ اب یہ باتیں کہاں!

کتنی کمی محسوس ہوتی ہے اس زمانے کی!

میاں بیوی کی ملاقات موری شس کی یونیورسٹی کے ایک سائنٹفک اجلاس میں ہوئی تھی۔ اس وقت عشرت بی۔ اے کیمسٹری کے دوسرے سال میں پڑھتی تھی۔ وہ ایک متوسط طبقے کی لڑکی تھی۔ والد کے سائے سے تو وہ بچپن ہی سے محروم رہی۔ اس کی ماں نے دل و جان سے اس کی پرورش کی اور اس کی تعلیم و تربیت کی۔ نشو و نما میں بھی کنجوسی نہیں کی اور اسے اس قابل بنایا کہ وہ اپنے پیروں پر کھڑی ہو سکے۔ خدا نے عنایت کی اور فی الواقع وہ سرکاری نوکری کے مزے لوٹ رہی تھی۔ اب وہ آزاد اور خود مختار تھی۔ اب اسے کسی کے روبرو جوابدہ ہونے کی کوئی ضرورت نہیں۔ اس کو اندازہ ہوا کہ اشفاق سے نکاح کرنے سے اس کی زندگی سنور جائے گی چونکہ اشفاق کی زبانی

" میں کالباس ایس ایس ایس میں جاب کرتا ہوں"

ذاتی زندگی میں بعض اوقات لڑکیوں کو خواہ وہ گھریلو ہوں یا پروفیشنل، ان کو ایک پرسکون گھر، جیب میں پیسہ رکھنے والا، ان کا خیال رکھنے اور سمجھنے والا ان کو سر پہ بٹھانے اور ان کے نخرے اٹھانے والا شوہر چاہیئے۔ یہ تمام اوصاف اشفاق کی شخصیت میں شامل تھے جن کی وجہ سے وہ ایک خوشحال زندگی گزارتے۔ پھر شادی بھی ہو گئی۔ اس وقت دنیا کتنی حسین تھی۔ ہر طرف جیسے محبت کی بارش ہو رہی تھی۔ دھوپ میں چھاؤں تھی، نا امیدی میں امید تھی، خزاں میں بہار تھی، ان کی ازدواجی زندگی مہک رہی تھی۔ مگر افسوس یہ چہچہاتی ہوئی، روز بروز رنگ بدلتی ہوئی دنیا یکایک ویرانے میں بدل جاتی ہے، سیاہ پوش ہو جاتی ہے۔

درحقیقت سچ کا روز سامنے آنا ہی تھا۔ عشرت کو معلوم ہوا کہ اشفاق "ایس ایس ایس کالباس" میں ملازم تو ہے لیکن استاد کی حیثیت سے نہیں بلکہ بحیثیت لیب اٹنڈینٹ۔

سائنس کے اجلاس میں شریک ہونے سے کوئی سائنس داں تھوڑی بن جاتا ہے، سفید یونی فارم پہننے سے کوئی ڈاکٹر تھوڑی بن جاتا ہے، بینک میں ملازم ہونے سے کوئی منیجر تھوڑی بن جاتا ہے!

بینک میں چپراسی بھی تو ہوتا ہے۔ یہیں پہ بیچاری عشرت مات کھا گئی۔

دراصل میاں اشفاق نے عشرت کی آنکھوں میں اونچے خواب کی جھلکیاں دیکھی تھیں، شاہین کی ہمالہ پرواز دیکھی تھی۔ اگر وہ یہ راز فاش کر دیتا تو عشرت کو وہ ہمیشہ کے لئے کو دیتا۔

دوسری طرف وہ محبت کے نشے میں شرابور تھا، عشرت کو حاصل کرنے کا جنون اس کے سر پہ سوار تھا، اس کے اندر پرزور جذبات موجیں مار رہے تھے۔ یہ مقولہ آفاقی ہے کہ محبت اندھی ہے۔ مزید کون نہیں جانتا کہ محبت اور جنگ میں سب جائز ہے۔

میاں اشفاق کے دل کی گہرائیوں سے جو صدائیں نکلیں اس نے انہیں کو صحیح مانا اور اس راز کو راز رہنے تک پوشیدہ رکھا۔

انسان کتنا بھی بڑا شیطان کیوں نہ ہو، وہ بھی اس حقیقت سے واقف ہے کہ شیطان کا خاتمہ طے شدہ ہے۔ لہٰذا ہم لاکھ چھپانے کی سعی کریں، حویت کھل ہی جاتی ہے۔ تب تک انسان کو احساس بھی ہو جاتا ہے کہ غلطی کا اعتراف عیب سے بڑی نجات ہے لیکن تب شاید بہت تاخیر ہو جاتی ہے۔ کچھ بھی کیوں نہ ہو، البتہ، آخر فریب تو فریب ہے۔

عشرت کے پھول جیسی کھلکھلاتی دنیا میں اچانک آگ لگ جاتی ہے۔ اس کو فریب کی بو کا احساس ہونے لگتا ہے۔ روشنی میں بھی اس کو سیاہی نظر آتی ہے۔ جہاں ہر آنے والی صبح اس کے لئے نئے رنگ، نئے پیغامات، نئے نغمے لے کر آتی، اب وہیں پر لاکھ کا ڈھیر تھا۔ دھوکے کی لاکھ۔ اس کی آشیاں اجڑ گئی، نہ دل کا چین، نہ دماغ کی تسکین۔ بس لاکھ ہی لاکھ۔

لیکن۔۔۔۔ کتنی پاگل اور بے وقوف لڑکی تھی۔ اس کو چاہیئے ہی کیا؟

شوہر تو اس کے دامن میں خوشیوں کے خزانہ بکھیرتا ہے، اس کو تمام آسائش و دلوزلمات سے نوازتا ہے اور ماشاء اللہ اب تو اس کے گلشن میں ایک کلی بھی کھل گئی۔ عورت کو اور چاہیئے ہی کیا؟

لیکن جس عمارت کی بنیاد ہی کمزور ہو، وہاں اینٹ پہ اینٹ لگانے کا کیا فائدہ! ہوا یہ کہ تیز و تند جھونکے کب تک اس سانس لینے دیں گے۔ یہ حقیقت نفس الامری ہے کہ خواتین مرد سے زیادہ جذباتی ہوتی ہیں۔ مرد دماغ کا استعمال کرتا ہے لیکن صنف نازک کا ذریعہ ادراک قلب ہے۔

عشرت نے بھی دل کا استعمال کیا تھا لیکن اس کے دل کی شاخیں ٹوٹ چکیں۔ محبت کی کشتی ڈوب گئی۔ اب محض شکایتیں ہیں، بے اعتنائی ہیں، بلا شبہ شکوک کے دروازے کھل گئے۔ ایک دفعہ شک کا بیج جہاں بو گیا وہاں دوبارہ اعتماد و اعتقاد قائم کرنے کا کوئی امکان نہیں۔

عشرت کو اپنے شوہر کی حیثیت کا افسوس نہیں تھا۔ اسے "اسٹیٹس" کی ہوس نہیں تھی۔ نہ ہی معاشرے کے روبرو جواب دہ ہونے سے وہ خائف یا متفکر تھی۔ حیرت انگیز بات یہ تھی کہ اشفاق کا شریک حیات ہونے کے باوجود، دو جسم اور ایک جان ہونے کے باوجود، بحیثیت مذرانہ اس کو اتنی تلخ حقیقت مڈیب ہوئی جو تیز اب اس بھی زیادہ تیز آور تھی۔

شاید ہی اتنی بڑی غلطی کی تلافی ممکن ہو! یہ شادی تھی یا اعتماد کرنے کی سزا؟ کیا عشرت عام لڑکیوں کی طرح زہر کے گھونٹ نگل کر رہ جائے گی اور اپنے رشتے کی حفاظت کرے گی۔ اگر ایسا ہے تو وہ مخلص کوشش کر سکتی ہے۔۔۔ مخلص کوشش!

فی فی سکینہ وسیم حلفی

الوداع

اے ماہِ رمضان الوداع یا مبارک الوداع
تیری مدائی میں ہوا غمگین کتنا دل مرا

آنے سے تیرے ان گنت غرباء کے ان گھر گئے
غفلت سے پھر بیدار کی ہم عاصیوں کا دل ہوا

کیسے بھلاؤں وہ حسیں تحفہ جو دنیا کو ملا
قرآن بن کے تحفہ ہی میں فرمانِ حق نازل ہوا

کس کو پتہ ہم پھر کبھی دیدار روں گے یا نہیں
اب تو مجھے رونے بھی دے، ہو جائے ہلکا دل مرا

آئی ہوئی ہے آج عید بخت خدا کی ہے سعید
اک ساتھ آویل کے ہم خوشیاں منا تو لیں ذرا

سعید میاں جان

گوشۂ طلباء

یہ غلط بات ہے

ہم تین لڑکے یوسف، فیاض اور یہ خاکسار اردو ڈپلوما فائنل کی کلاس میں اردو پڑھ رہے ہیں۔ کلاس میں صرف ہم تین لڑکے، باقی لڑکیاں اور خواتین ہیں۔ پہلے لڑکے کا نام فیاض ہے، دوسرے کا یوسف اور تیسرا میں ہوں اور میرا نام شاہین ہے۔ ہم تینوں نے یہ بھی تہیہ کر لیا ہے کہ اگر خدا نے چاہا اور بزرگوں کی دعا رہی تو ہم پی ایچ ڈی تک پڑھائی کریں گے۔ انشاءاللہ۔

ایک روز ہم تینوں ایم جی آئی کے احاطے میں کسی سایہ دار درخت کے نیچے بیٹھے گفتگو کر رہے تھے۔ اس دن جناب ریاض کوکل نے اسائنمنٹ دیا اور عنوان تھا "انیس اور دبیر کی مرثیہ نگاری"۔ اگلے روز ہم لائبریری میں داخل ہوئے اور ان دو شاعروں سے متعلق کتابیں ڈھونڈنے لگے۔ ڈھائی گھنٹوں تک تلاش کرتے رہے لیکن ایک بھی کتاب نظر نہیں آئی۔ ہر بار ایسا ہی ہوتا ہے۔ ہم تین بار لے جاتے ہیں۔ لائبریری پہنچنے سے پہلے دوسری طالبات دستیاب کتابوں کو حاصل کر لیتی ہیں۔ ہم تین از سر نو لائبریری گئے اور باتیں کرتے ہوئے کتابیں ڈھونڈنے لگے۔

فیاض: میں تو اس لائف سے تنگ آ چکا ہوں۔ ہر بار ایسا ہی ہوتا ہے۔

یوسف: اگر میرا بس چلے تو میں پوری لائبریری کو اٹھا لے جاؤں۔

شاہین: ارے یہ تو سوچو اب کیا ہوگا۔ جب بھی کسی کتاب کی ضرورت پڑتی ہے وہ ہی کتاب غائب ہو جاتی ہے۔

یوسف: ارے یہ دیکھو دیوان غالب۔

فیاض: ہمیں دیوان کے مطالعہ کی ضرورت کہاں؟

شاہین: نہیں یار، چلو اس میں کچھ اشعار پڑھتے ہیں۔

ہم پہلے ہی شعر کو سمجھنے میں ناکام ہوئے۔ پتہ نہیں چلا غالب اس شعر کے حوالے سے کیا کہنا چاہتے تھے۔ ان کے اشعار کو خود بخود سمجھتا جو ئے شیر لانا تھا۔ ہم نے بہت ہاتھ پاؤں مارے، سر کھجائے، پیشانی رگڑی، انگڑائی لی، حرف سے حرف جوڑ کر الفاظ کی تہوں میں خوب ڈبکی لگائی مگر سمجھ نہ پائے۔

فیاض: شعر غالب کا مطالعہ کوئی بچوں کا کھیل نہیں۔

شاہین: یہ بڑوں کا کھیل بھی نہیں۔

فیاض: ارے چلو یار، یہاں گھٹن ہو رہی ہے۔

یوسف: یہ کتابوں کا زمانہ ہے بھئی۔

شاہین: علم کی روشنی گلی گلی میں پھیل رہی ہے۔

یوسف: اور تم کتابوں سے انکار کرتے ہو۔ اگر ہم فیل ہو گئے تو.....

شاہین: تو

فیاض: تو

یوسف: شاعر لوگ کیسے یہ سب شعر کہہ دیتے ہیں۔ شعر کہنا کوئی آسان کام تو نہیں۔

فیاض: ارے اس لئے تو ان کی پیشانی اور سر ایک جیسے ہو جاتے ہیں۔

یوسف: ارے یار یہ دیکھو مسند کی حالی۔

فیاض: ارے اس میں فوٹس بھی ہے۔

شاہین: یہ ری حالی کی اور ایک کتاب۔ لیکن جب ہم حالی سے متعلق کتابیں ڈھونڈ رہے تھے تو یہ کتابیں ہاتھ کیوں نہیں آ رہی تھیں۔

یوسف: کیونکہ ہماری کلاس کی سبھی طالبات نے ہم سے پہلے آ کر کتابیں لے لی تھیں۔

فیاض: کتنے خود غرض ہیں وہ لوگ۔

شاہین: ہم بار بار اس کتب خانے میں آئے پر ایک کتاب بھی ہاتھ نہ لگی۔

فیاض: کم سے کم وہ کتابیں لوٹا دیتیں تو ہمیں بھی تیاری کرنے کا موقع ملتا۔

یوسف: وہ شروع سے اپنے پاس ہی رکھ دیتی ہیں اور جب اسائنمنٹ کی تاریخ گزر جاتی ہے تب وہ واپس کرتی ہیں۔

شاہین: یہ لطیفہ ہے۔

یوسف: لیکن وہ خود غرض ہیں تو ہم خود غرض کیوں بنیں؟ ہم خود دار تھے، ہیں اور رہیں گے۔

شاہین: جیسے کو تیسا۔

فیاض: ارے کتاب کو ہاتھ آنے دو۔

شاہین: فی الحال ہمیشہ کی طرح ڈھونڈو اور ڈھونڈتے رہو۔

فیاض: چلو یار چلتے ہیں۔ پیٹ میں بلی دوڑ رہی ہے۔

شاہین: پیٹ میں بلی؟

فیاض: بلی کے پیٹ میں چوہے یار۔

شاہین: لیکن میں سوچتا ہوں یار کہ اس وقت مرغی بھی نہیں کھائی ہوگی۔

فیاض: سچ کہا تم نے۔ مرغی اس وقت نہیں کھائی۔

یوسف: پر انسان کا پیٹ کھاتا ہے!!

شاہین: تم دونوں کو بھوک لگی ہے اسی لئے اپنا الو سیدھا کر رہے ہو۔ چلو، کتاب نہ سہی روٹی ہی سہی۔

شاہین عبدو
ڈپلما ان اردو - سال سوم

غزل

میرے ہمنوا میرے چارہ گر میں ہوں جاں بہ لب تو سنا نہیں
میرا دل ہے پہلے دکھا ہوا اسے اور اتنا دکھا نہیں

کئی عمر جس کی تلاش میں وہ ملا نہیں وہ ملا نہیں
رفوگر نے چاہا بہت مگر میرے دل کا زخم سلا نہیں

یہ عجب اداؤں کا سلسلہ تو ستم کرے میں کروں وفا
میرے دوست تیری یہ بے رخی میری دوستی کا صلہ نہیں

تیرا ہاتھ ہاتھوں سے چھٹ گیا تو کدھر گیا میں کدھر گیا
میرے خواب سارے فنا ہوئے کوئی اس کو دعا نہیں

میری زندگی بھی ہے زندگی نہ بہار ہے نہ کوئی خوشی
میرے دل کا کوئی غم نہیں میں سبھی کا کوئی مرا نہیں

تیرے در سے اٹھ کے نہ جاؤں گا جو مراد دل کی نہ پاؤں گا
میری سن لے کوئی تو التجا یا تو کہہ دے میرا خدا نہیں

میرے ہاتھ مہندی کھلا دے میرے گھر بھی چاند اتار دے
مجھے پیار دے مجھے پیار دے تجھ سے کوئی گلہ نہیں

وہ جو پھول ان میں زندگی کے مجھے سجانا تھا ایک گل
وہی پھول آرش ابھی تلک کسی شاخ گل پر کھلا نہیں

ارشاد اقبال آرش (اٹلی)

غزل

خالد ندیم (ملیگ)

محفل محفل تیری خاطر چاہت کا بازار لگا
رنگ برنگے اونچے نیچے لوگوں کا دربار لگا

قربت میں تو ساری دنیا جگمگ جگمگ کرتی تھی
ہم سے بچھڑ کر آخر تجھ کو کیسا یہ سنسار لگا؟

ایک کہانی کہتے کہتے کیا کیا دل پر بیت گئی!
لفظوں کی ہر تان کے پیچھے زخموں کا انبار لگا

تیرا اٹھنا تو جیون سکھ تھا، کانٹا کانٹا بار سنگھار
جب جب بھی منجدھار میں الجھے، ہاتھ تیرا پتوار لگا

چہروں کی مسکان بھی دھوکہ، گھر کی سج دھج ایک فریب
جس جس کو نزدیک سے دیکھا، دنیا سے بیزار لگا!

نذر خلیق ..... غزلیں ..... سعید میاں جان

پھولوں کی طرح تجھ کو سنبھالے نہیں ہوتے
گر دل سے تجھے چاہنے والے نہیں ہوتے

نرگس کی جو مے کارنہ ہوتی مرے دل میں
گھر میں مرے خوشبو کے حوالے نہیں ہوتے

اک شوخ کا اعجاز یا جادو تھا مگر نہ
یوں عشق کبھی ہم سے نرالے نہیں ہوتے

خوشبوں سے نہ بھر دیتا وہ دامن جو ہمارا
غم دل سے کبھی ہم نے نکالے نہیں ہوتے

وہ چاند اگر آ کے نہ آنگن میں اترتا
گھر میں مرے اس طرح اجالے نہیں ہوتے

گزرا جو میرے گھر سے، ترا آشنا وہاں نہ تھا
لاکھوں نقوش تھے، ترا کوئی نشاں نہ تھا

میری وفا کا تم نے لیا کیوں نہ امتحان
اپنے حساب سے میں کبھی ناتواں نہ تھا

وہ کیسی آگ گھر کو لگائی تھی آپ نے
شعلہ بھڑک کے بجھ بھی گیا پر دھواں نہ تھا

یہ کیا خطا اے برق تپاں! تجھ سے ہو گئی
جلتے ہوؤں میں صرف مرا آشیاں نہ تھا؟

راہ حیات میں جو جھپٹتے تھے بے خبر
منزل پہ آ کے دیکھا، کوئی شاد ماں نہ تھا

آواز دے رہا تھا میں لوگوں کی بھیڑ میں
میری طرف کسی کا بھی لیکن گماں نہ تھا

قسمت کا فیصلہ تھا کہ اب ہم نہ مل سکیں
ڈھنڈا کیے وہ وہیں پہ تجھے، تو جہاں نہ تھا

مرجھا گیا یہ کس لئے سارا چمن سعید
دور بہا رتھا، کوئی دور خزاں نہ تھا

رپورٹ

دفتر اردو اسپیکنگ یونین میں نعت خوانی

از قلم

منگل ۱۴ ستمبر ۲۰۰۴ء اردو اسپیکنگ یونین کی تاریخ میں سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔ اسی روز، رات ساڑھے آٹھ بجے، Quatre Bornes کی مین گلی میں قائم، USU کے نئے دفتر کا افتتاح نعت خوانی کی ایک محفل سے کیا گیا۔ نعت خاں پاکستان کے مشہور و معروف قاری سید محمد فصیح الدین سہروردی صاحب تھے۔ موریشس میں پانچویں بار کے لئے منعقد نعت اسوسیشن کی پہل اور USU کے اشتراک سے آپ کی آمد ممکن ہوئی۔ اس بار آپ کے دس سال کے صاحبزادے زین العابدین سہروردی بھی آپ کے ہمراہ تھے۔

USU کا یہ نیا دفتر اس شب روشنیوں سے جگمگا رہا تھا۔ عشاء کی نماز کے بعد، مہمانوں کی آمد شروع ہوئی اور ان کے استقبال کے لئے USU کے صدر جناب شہزاد احمد صاحب حاضر تھے۔ علمائے کرام، سیاسی شخصیتیں، USU کے ممبران کے ساتھ ساتھ چند خصوصی لوگوں کو بھی اس پر رونق محفل میں شرکت کرنے کا موقع فراہم ہوا۔ عمارت کے اندر لاؤڈ اسپیکر پر قاری صاحب کی آواز نشر ہونے سے پہلے ہی نعت خوانی کا ماحول چھا گیا تھا۔ اس بیچ Etoile Brillant Technician کے مالک کے انتظام میں آخری تیاریاں کر رہے تھے۔ کمروں کے فرش پر قالین بچھائے گئے تھے۔ ایک کمرے کو زنان خانہ میں تبدیل کیا گیا تھا۔

قریب پونے نو بجے، مہمانِ خصوصی قاری صاحب کی تشریف آوری ہوئی۔ ان کے استقبال کے لئے سبھی مہمان باادب اٹھ کھڑے ہوئے۔ جونہی قاری صاحب، ان کے بیٹے اور جنوبی افریکہ سے تشریف لائے ہوئے اقبال راؤت صاحب نے اپنی اپنی جگہ لے لی، محفل کا آغاز ہوا۔ صدارت کر رہے تھے جناب صمد گوڑ صاحب۔ آپ نے مہمانِ خصوصی کے ساتھ سبھی حاضرین مجلس کا پر جوش استقبال کرتے ہوئے اس خاص محفل کے انعقاد پر روشنی ڈالی۔ آپ نے محفل نعت اسوسیشن، پیر محمد فیملی اور USU کا شکریہ ادا کیا جن کے تعاون سے ایک بار پھر اہل موریشس کو قاری صاحب سے فیضیاب ہونے کا موقع ملا۔ اسلامی روایت کے مطابق، محفل کی شروعات قرآن مجید کی تلاوت سے ہوئی۔ تلاوت کا شرف حاصل کیا دارلعلوم علیمیہ کے قاری یوسف شیخ کی تلاوت کے بعد حاضرین داد دیے بغیر نہیں رہے۔

اس کے بعد چھوٹی عمر سے ہی اپنے

قاری محمد فصیح الدین سہروردی اور ان کے دس سالہ صاحبزادے، زین العابدین سہروردی

والد کے نقش قدم پر چلنے والے دس سال کے زین العابدین سہروردی سے اپنی معصوم آواز میں نعت پیش کرنے کی گزارش کی گئی۔ آپ کا اپنے والد کے ساتھ موریشس میں پہلا سفر تھا..... نعت پڑھنے کا وہی انداز..... آپ نے یہ نعت پڑھ کر حاضرینِ مجلس کے دلوں میں حضرت محمدؐ کی شمع روشن کر دی۔ کمرے میں بکثرت سبحان اللہ کی گونج سنائی دے رہی تھی۔

پھر جنوبی افریقہ سے تشریف لائے ہوئے جناب اقبال راؤت صاحب کو بارگاہِ رسالتؐ میں حاضری دینے کی درخواست کی گئی۔ حسبِ عادت آپ نے اس مصرعے سے نعت شروع کی ع

لفظ ہے جس کے دل میں رسول الانام کی۔

نعت پڑھنے کا آپ کی بھی ایک ادا.....

آخر میں جس وقت کا سبھی بے صبری کے ساتھ انتظار کر رہے تھے وہ آ ہی گیا۔ قاری صاحب کو آقائے دو جہاں حضور کی ثنا خوانی کے لئے دعوت دی گئی۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو وہ خوش کن آواز، وہ پر کشش انداز بخشا ہے کہ آپ کی حاضری محفلوں میں جان پھونک دیتی ہے۔ آپ نے اپنے خاص طرز میں بیاری بیاری نعتوں سے عاشقانِ رسولؐ کو ظفر یاب کیا اور عشقِ نبیؐ کی محبت سے سبھی کے دلوں کو سرشار کیا۔ یہ بابرکت محفل قریب ساڑھے دس بجے سلام و دعا کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی۔ جب تک کہ شرکاء میں تبرکات تقسیم کئے جا رہے تھے، حاضرین قاری صاحب اور دیگر علمائے کرام کے ساتھ گوشِ گزار ہو رہے تھے۔ اس طرح USU کے زیرِ اہتمام یہ محفل اختتام تک پہنچی۔

چلو چھوڑو...

چلو چھوڑو آپس کی یارو لڑائی
اسی میں ہے اپنی تمہاری بھلائی

فرقہ وارانہ جھگڑا، کینہ، بغض، عداوت، نفرت، دشمنی یہ سارے کے سارے زہر ہیں جنہیں (گھلے) ہوئے الفاظ ہیں جن کو عمل میں لانے کی وجہ سے قوموں، دوستوں، یاروں اور مجلسوں میں، آپس کی صحبتوں میں، سوسائٹیوں میں سدا سے تفرقہ پڑا ہے۔ انسانوں کے دلوں میں ان زہر آلود الفاظ میں سے کوئی بھی ایک لفظ جگہ پا جائے تو دوستی، یاری، چاہت، الفت، محبت، بھائی چارے کا رہنا محال ہو جاتا ہے۔ پھر خود انسان کا کیا کرایا اسی کے حق میں وبالِ جان بن کر نازل ہو جاتا ہے۔ دیکھتے ہی دیکھتے اس کا سارا کیا کرایا ایک پل میں چوپٹ ہو جاتا ہے۔ جن نسب انہیں کے لئے وہ شروع سے کوشاں رہتا ہے وہ اس کی نظر سے اوجھل ہو جاتا ہے۔ اور اپنے اس مقصد کو بالائے طاق رکھ دیتا ہے۔ اور بعض ان زہر آلود الفاظ کے آثار کی زد میں آ کر اپنے محبوب مشغلے یا عمل کو خیر باد کہہ دیتا ہے۔

> یارو! دوستو! نہ تو ہم
> نادان ہیں نہ کم عقل ہیں
> پھر کیوں ہم ایک دوسرے
> سے برسرِ پیکار ہیں۔

کتنے دکھ کی بات ہے کہ آج ہم بھی ان نادانوں کے زمرے کے افراد کہلانے پر تلے ہیں۔ یارو اود وستو! نہ تو ہم نادان ہیں نہ کم عقل ہیں پھر کیوں ہم ایک دوسرے سے برسرِ پیکار ہیں۔ تیر آزمائی کے لئے اور بھی کئی اکھاڑے اور میدان ہیں جہاں ہم دل کھول کر اپنی قوت، شجاعت، طاقت اور قابلیت کی نمائش کر سکتے ہیں۔

اردو ہم کو، ان کو، سبھی کو پیاری ہے۔ ہم سب نے دل کر اس کی آبیاری کی ہے۔ ہمیں آج بھی ابھی تک یاد ہے کہ کس طرح آپ نے، انہوں نے، ہم نے اس کی فروغ کے لئے ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر جانفشانی کی ہے۔ ہر کوئی اپنے میدان کا غازی کہلاتا تھا۔ کوئی لکھتا تھا کوئی بولتا تھا تو کوئی کرتا تو ظاہری طور کچھ بھی نہ تھا پر سبا رضور دیتا تھا۔ اس کو آگے بڑھانے میں ہم سب نے مل کر ہاتھ بٹایا ہے۔ ہر کسی نے اپنے پسینے کا نظرانہ اس کی جڑ میں ڈالا ہے۔ آج کوئی اس کا دعویٰ نہیں کر سکتا کہ یہ میرا اثاثہ ہوا پودا ہے۔ کوئی یہ نہیں کہہ سکتا کہ یہ میری محنتوں کا ثمرہ ہے۔ اردو کسی ایک کی ملکیت نہیں بلکہ یہ تو ہم سب کی ہے ہم سب کو پیاری ہے۔

یارو! ایک گزارش ہے کہ ہم اس بات کو نظر انداز کر دیں، بھول جائیں اس بات کو کہ فلاں نے اس زبان کے لئے کچھ نہیں کیا ہے۔ بھول جائیں اس بات کو کہ کچھ لوگوں نے تو سدا اپنے کو اس کی خدمت کرنے سے بچایا ہے۔ بھول جائیں اس امر کو کہ صرف ہم نے ہی اس کے لئے سب کچھ کیا ہے۔ نکال پھینکیں اپنے اندر سے اس احساس برتری کو کہ ہم میں ہی ساری قابلیتیں ہیں۔ ہم میں ہی وہ جوہر ہے کہ سب کچھ کر سکتے ہیں۔ ہمارے علاوہ وہ سب پیچ ہیں۔ یا رو! یہ احساسات ہم کو لے ڈوبیں گے۔

آئیں ہم اپنے اندر وہ گن پیدا کریں کہ دوسروں کے محاسن کو دیکھیں دوسروں نے جو کچھ کیا ہے اس کو سراہیں۔ دوسروں کے نقائص و عیوب کو اٹھانا چھوڑیں ان کی لغزشوں کو نظر انداز کرنا سیکھیں۔ کہا جاتا ہے نا کہ اگر ہم انگلیاں اٹھائیں تو دنیا کے بڑے سے بڑے ادبی کاناموں میں ادب کے سہ پاروں میں غلطی ہی نہیں بلکہ غلطیوں کا انبار لگا سکتے ہیں۔ کوئی بھی ایسا نہیں، نہ ہم، نہ آپ، نہ وہ جو ان خامیوں سے عاری ہے۔ بس یہ مان کر چلیں کہ ہم کو کہ سرزمین اردو سے کوسوں دور ہیں پر چونکہ یہ ہمارے درمیان آ گئی ہے اور ہمارا کلچر بن گئی ہے۔ اور ہم نے اس کے لئے بہت کچھ کیا بھی ہے۔ اب کیوں اس سے کترا رہے ہیں۔ کیوں نہ ہم اپنے مقدور بھر کوشش کریں۔

ہمارے جزیرے میں برصغیر کی کئی زبانیں ہیں جو بولی جاتی ہیں۔ ان کے ثقافتی مراکز کلچرل سنٹر رہیں ان کی ترقی کے لئے سرکاری تعاون حاصل ہے۔ کیا کچھ کیا نہیں جا رہا ہے زبانوں کے لئے۔ صرف ہم اردو والے کیوں پیچھے رہ جائیں۔ کیوں ہم آپس میں لڑیں، جھگڑیں ایک دوسرے پر انگلی اٹھائیں۔

اردو دان طبقہ سے نہایت مودبانہ گزارش ہے کہ اپنے اپنے قلم اٹھائیں اپنے خیالات سے شائقین اردو کو محظوظ کریں۔ لکھیں اور دٹ کر لکھیں اور اس قول کو اچھی طرح جان لیں "کتا بھونکے ہزار ہاتھی چلے بازار" اور چلتے چلتے ہمارا کارواں بڑھتا جائے گا۔ ایسی ہماری دلی تمنا ہے۔

یارو! جو کچھ ہم دیکھ رہے ہیں۔ سن رہے ہیں۔ محسوس کر رہے ہیں۔ اردو سے تھوڑی بہت لگاؤ کی بنا پر ہم آپ سب سے اردو کے نام پر آگے بڑھنے کی دعوت دیتے ہیں۔ ہمیں جو کچھ کہنا تھا یا رو! ہم کہہ چکے۔ کچھ ظاہری الفاظ میں۔ اور کچھ ڈھکے چھپے الفاظ میں۔ امید ہے کہ ہمارا پیغام ہر کسی کی سمجھ میں آ جائے گا۔

"ظاہر نے اشاروں ہی اشاروں میں تمنا"

محمد طاہر نومن

دنیا بھر سے ادبی خبریں

ترتیب و انتخاب:
طارق محمود حیدر (جرمنی)
E-mail: tariq-haider2001@ yahoo.de

انٹرنیٹ پر اردو کا واحد گروپ برق رفتاری سے اردو کی ادبی خبریں ریلیز کرتا ہے۔ اس کے لوڈ امریکہ کے کاشف حمید پاور مالڈر برگ جرمنی کے حمید قریشی ہیں۔ اس گروپ کی ایک ماہ کی ادبی خبروں کا ایک مختصر انتخاب صدائے اردو کے قارئین کے لئے پیش کیا جا رہا ہے۔ (طارق محمود حیدر)

☆☆☆☆☆☆

ژاک دریدا انتقال کر گئے

معروف عالمی مفکر اور جدید فکر کے اہم رہنما ژاک دریدا بتاریخ ۹ اکتوبر ۲۰۰۴ء پیانہ کے روز فرانس میں وفات پا گئے۔ مابعد جدید فکر میں ان کے کام کی بنیادی اہمیت تسلیم کی جاتی ہے۔ Deconstruction کے حوالے سے ان کے تصورات کو مابعد جدید ناقدین نے خصوصی اہمیت دی۔ ان کے ناقدین کی بڑی تعداد بھی موجود ہے۔ تاہم ان کی علمی شخصیت کا سب احترام کرتے ہیں۔ ژاک دریدا سال ۱۹۳۰ء میں الجیریا میں پیدا ہوئے تھے۔ امریکی یونیورسٹیز میں پڑھاتے رہے۔ نذر خلیق (نانیمو)

☆☆☆☆☆☆

پروفیسر گوپی چند نارنگ کی نئی کتاب "ترقی پسندی، جدیدیت، مابعد جدیدیت"

کتاب گھر ڈاٹ کام اردو کی واحد ویب سائٹ ہے جہاں مکمل کتابیں آن لائن کی جاتی ہیں۔ اس طرح سے یہ ویب سائٹ انٹرنیٹ لائبریری کی صورت اختیار کر چکی ہے۔ کتاب گھر کی تازہ ترین پیش رفت ڈاکٹر گوپی چند نارنگ کی نئی کتاب "ترقی پسندی، جدیدیت، مابعد جدیدیت" کو آن لائن کرنا ہے۔ ۶۵۰ سے زائد صفحات پر مشتمل یہ کتاب اسی برس شائع ہوئی ہے اور اسی برس اسے انٹرنیٹ پر بھی پیش کیا گیا ہے۔ نذر خلیق (نانیمو)

☆☆☆☆☆☆

معروف شاعر آفتاب حسین کی جرمنی میں آمد

آسٹریا میں مقیم اردو کے معروف شاعر اور ادیب اور ادبی اخبار لا ہور کے ساتھ مدیر آفتاب حسین ان دنوں جرمنی میں آئے ہوئے ہیں۔ وہ فرینکفرٹ کے عالم کتاب میلہ کے سلسلہ میں آسٹرین ادیبوں کے وفد کے ساتھ یہاں پہنچے ہیں اور اگلے دو دن تک ان کا یہاں قیام رہے گا۔ آفتاب حسین کی تخلیقات کے جرمن زبان میں پہلے ہی تراجم ہو چکے تھے اور یہاں مختلف مما لک سے آئے ہوئے نامور آسٹرین اور ادیبوں سے ان کی ملاقاتیں ہو رہی ہیں۔ حیدر قریشی (جرمنی)

☆☆☆☆☆☆

اشفاق احمد انتقال کر گئے۔۔۔۔انا للہ وانا الیہ راجعون

اردو کے معروف ادیب، ڈرامہ نگار اور افسانہ نگار اشفاق احمد آج علی الصبح لاہور میں انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اشفاق احمد ادبی طور پر اردو اور پنجابی کے ممتاز لکھاری تھے۔ ان کے افسانے "گڈریا" کو اردو میں مستقل حوالے کا افسانہ مانا جاتا ہے۔ انھوں نے ٹیلی وژن کے لئے بے شمار ڈرامے لکھے۔ اشفاق احمد کو قدرت اللہ شہاب سے منسوب ادبی سلسلہ شہابیہ کا اہم ترین ادیب سمجھا جاتا ہے۔ ممتاز مفتی کو بھی اسی ادبی سلسلے میں شمار کیا جاتا تھا۔ اشفاق احمد کو ایک عرصہ سے کینسر کا مریض لاحق تھا اور وہ لاہور کے ایک پرائیویٹ ہسپتال میں زیر علاج تھے۔ وفات کے وقت اشفاق احمد کی عمر ۸۰ سال تھی۔ ایک اطلاع کے مطابق ان کی نماز جنازہ نماز عصر کے بعد لاہور میں ادا کی جائے گی اور آج ہی ان کی تدفین بھی کر دی جائے گی۔ نذر خلیق (نانیمو) ۷۔ ستمبر ۲۰۰۴ء

☆☆☆☆☆☆

۱۹۳۵ء سے مستقل شائع ہونے والی ادبی رسالہ ماہنامہ ادب لطیف لاہور کی ویب سائٹ آن لائن آ گئی ہے۔ اگست شمارے کے وہ اہم مضمون آپ آن لائن پڑھ سکتے ہیں۔ شکریہ۔ کاشف الہدی (امریکہ)

☆☆☆☆☆☆

ترنم ریاض کی دو نئی کتابیں افسانوی مجموعہ "سمبر زل" اور ناول "مورتی"

معروف افسانہ نگار ترنم ریاض کا پہلا افسانوی مجموعہ "سمبر زل" کے نام سے شائع ہو گیا ہے۔ یہ ان کا تیسرا افسانوی مجموعہ ہے۔ اس میں ان کے سترہ افسانے شامل ہیں۔ آخر میں "مشاہیر کے سوچ رنگ" کے عنوان سے لو بیوں کے آراء شامل کی گئی ہیں۔ لیلیپ پر سید محمد اشرف اور طارق چھتاری کے تاثرات دیئے گئے ہیں۔ جنوبی افریقہ کے زیر اہتمام شائع ہونے والا یہ افسانوی مجموعہ نرمل پبلیکیشنز دہلی اور موڈرن پبلشنگ ہاؤس نئی دہلی سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

ترنم ریاض کی دوسری کتاب ان کا ناول "مورتی" ہے۔ اسے بھی جنوبی افریقہ کے زیر اہتمام شائع کیا گیا ہے اور نرمل دیپ پبلی کیشنز نئی دہلی اور موڈرن پبلشنگ ہاؤس نئی دہلی میں دستیاب ہے۔ اس ناول کے لیلیپ پر ڈاکٹر گوپی چند نارنگ اور پروفیسر ریاض پنجابی کی آراء درج ہیں۔ ترنم ریاض کو گلشن کی دنیا میں شامل ارشیش قدمی پر مبارکباد دی جانی چاہئے۔ سعید شباب (نانیمو)

☆☆☆☆☆☆

افسانہ نگار آصف فرخی کی سلام آباد آمد۔۔۔اردو فکشن فورم کی تقریب میں افسانہ پڑھا

فکشن نگار اور دنیا زاد کے مدیر ڈاکٹر آصف فرخی کراچی سے اسلام آباد آئے تو اردو فکشن فورم کے تحت تقریب میں اپنا تازہ افسانہ "مصری" پڑھا جس پر بعد ازاں بھرپور گفتگو ہوئی۔ اس اجلاس میں پروفیسر فتح محمد ملک، جلیل عالی، محمد حمید شاہد، فاروق خالد، علی محمد فرشی، عرفان احمد عرفی، عاطف علیم، اصغر عابد اور عاصم بٹ نے شرکت کی۔

☆☆☆☆☆☆

افسانہ نگار راجد منفیل کی اسلام آباد آمد۔۔۔حلقہ ارباب ذوق اسلام آباد میں مقالہ پڑھا

افسانہ نگار راجد منفیل ان دنوں لاہور سے اسلام آباد سے آئے ہوئے ہیں۔ نفسیات کے موضوع پر ایک کانفرس میں شرکت کے علاوہ انہوں نے حلقہ ارباب ذوق اسلام آباد کے جلسے میں مقالہ پڑھا۔ اس اجلاس کی صدارت جلیل عالی نے کی جبکہ مقالے کا موضوع تھا "انحراج اور تموج کا افسانہ" اس مقالے میں گزشتہ دہائی کے افسانہ نگاروں پر بات کی گئی تھی۔ مقالے پر بعد ازاں سیر حاصل گفتگو ہوئی۔ محمد حمید شاہد (اسلام آباد)

☆☆☆☆☆☆☆

ماہنامہ شاعر بمبئی کا ستمبر ۲۰۰۴ کا شمارہ

افتخار امام صدیقی کی ادارت میں ماہنامہ شاعر بمبئی کا ستمبر کا شمارہ شائع ہو گیا ہے۔ اس میں افسانہ نگار دیپک بدکی کے لئے ایک گوشہ مخصوص کیا گیا ہے۔ دیپک بدکی کے تعارف، دو افسانوں اور انٹرویو کے ساتھ ان شاعروں اور ادیبوں کی آراء شامل کی گئی ہیں۔ کالی داس گپتا رضا، قتیل شفائی، بر جر جن چاولہ، بیر اندر سوز، منظر امام، بلراج کومل، کنور بے چین، ایس رفیع، محمد بشیر مالیر کوٹلوی، مجید سلیم، انیس انجم امروہوی، غالب عرفان، سلطانہ بہر، شباب للت، پریمی رومانی، قمر سنبھلی، سہیل سرونجی، عالم خورشید، عرش صہبائی اور بدر ورحمانی۔ افسانہ نگار انور خان کی اچانک وفات پر ان کا بھی ایک گوشہ دے کر انہیں یاد کیا گیا ہے۔ اس شمارہ کے کے دیگر لکھنے والوں میں فتر سعید خان، منظر امام، مصطفیٰ شہاب، ارمان نجمی، اسلم جوشید پوری، شہناز مزمل، افتخار امام صدیقی، عبدالغنی شیخ، خالد سہیل، صفیہ صدیقی، علی امام نقوی، ساحل احمد اور کئی شامل ہیں۔ مکتوبات کے حصہ میں کافی رونق ہے۔ سلیم شہزاد، پرتپال سنگھ بیتاب، رؤف خیر، وے الرون، انور قمر، افضل عباسی، قمر علی، ثروت خان سمیت کئی ادیبوں کے خطوط سے ادبی میلے کا سماں بنا ہوا ہے۔ نذر خلیق (نانیمو)

☆☆☆☆☆☆

صدائے اردو ماریشس کا تیسرا شمارہ شائع ہو گیا

ماریشس سے اردو، انگریزی اور فرانسیسی میں شائع ہونے والے اخبار صدائے اردو کا تیسرا شمارہ شائع ہو گیا۔ فاروق بوجھا کی ادارت میں چھپنے والے اس اخبار کے اردو حصہ میں صابر کوڈو، محمد طاہر دوسن، ڈاکٹر ریاض کوکھل، رحیم انجان، عبدالسلام اعجری، قمر علی عباسی، فاروق بوجھا، مصنف اقبال قاسمی، قاسم میر، سعید میاں جان اور حیدر قریشی کی نثری یا شعری تخلیقات و تحریرات شامل ہیں۔ یہ اخبار اردو اسپیکنگ یونین سوریشس کے زیر اہتمام شائع کیا جاتا ہے، جس کے چیئرمین شہزاد عبداللہ احمد ہیں۔ سوریشس جیسے دور دراز جزیرے میں اردو کا یہ اخبار بھی اردو کے جزیرے کی حیثیت رکھتا ہے۔ حیدر قریشی (جرمنی)

☆☆☆☆☆☆

ڈاکٹر وزیر آغا کی نئی کتاب "دستک اس دروازے پر"

اردو سائنس بورڈ لاہور نے ڈاکٹر وزیر آغا کی فکری مکالماتی کتاب "دستک اس دروازے پر" کو اہتمام کے ساتھ شائع کیا ہے۔ ۲۴۰ صفحات کی یہ کتاب "میں" اور "تو" کے درمیان فکری مکالمہ پر مشتمل ہے۔ انسان اور کائنات اور ان سب کے عقب میں موجود حقیقت مطلق کے مسرت آمیز اور حیرت انگیز امر ارکو جاننے کی ایک لگن اس مکالمہ میں اول سے آخر تک قائم ہے۔ فلسفہ، تصوف، سائنس، تاریخ، اساطیر اور ادب تک کتنے ہی رنگا رنگ حوالوں سے یہ کتاب مزین ہے۔ یہ صرف اب تک کے علوم اور فکری ارتقا کا ایک نقشہ سامنے آ گیا ہے بلکہ مختلف اور متضاد علوم اور فکری دھاروں میں ہم آہنگی کا ارتقائی اور احترازی پہلو بھی نمایاں ہوا ہے۔ ایسا پہلو جو قاری پر منکشف ہو کر اسے بار بار مسرت آمیز حیرت سے دوچار کرتے ہیں۔ کئی اہم موضوعات کو انتہائی آسان پیرائے میں اور ہلکے پھلکے انداز سے بیان کیا گیا ہے کہ میرے جیسے آسان پسند اور آرام پسند کو بھی بہت کچھ سمجھ میں آ گیا ہے۔ اردو سائنس بورڈ کا اعلیٰ معیار یہ ہے۔ حیدر قریشی (جرمنی)

☆☆☆☆☆☆

ماہنامہ ادب لطیف لاہور کا نیا شمارہ

صدیقہ بیگم کی ادارت میں ماہنامہ ادب لطیف لاہور کا نیا شمارہ شائع ہو گیا ہے۔ ستمبر کے اس شمارے کے اہم لکھنے والوں میں جاگندر پال، فاروق خالد، عبدالعزیز خالد، افضل عباس، ناصر زیدی، سلطانہ مہر، جاوید اختر چوہدری، منظر خلیل، خالدہ رشید بخاری، غالب نقوی، ڈاکٹر ضیا الحسن، آفتاب اقبال شمیم، کرامت بخاری اور دیگر شامل ہیں۔

سعید شباب (نانیمو)

گوشۂ اطفال

پک نک

پچھلی جمعرات کو اسکول کے بچے پک نک پر گئے تھے۔ موسم خوش گوار تھا۔ اس روز سب بچے صبح سویرے اسکول آ گئے تھے۔ وہ بہت خوش تھے اور شور مچا رہے تھے۔ کچھ دیر بعد گھنٹی بجی اور سب بچے اپنی اپنی جماعت میں داخل ہو گئے۔ تھوڑی دیر بعد استاد صاحب کلاس میں آئے اور بچوں کو کچھ صلاح دی۔ جب بس آئی تو سب بچے قطار میں کھڑے ہو گئے۔ ٹھیک نو بجے بس اسکول سے روانہ ہوئی۔ بس فلک آں فلاک کے سمندر کی طرف جا رہی تھی۔ بس میں کچھ بچے باتیں کر رہے تھے۔ سمندر پہنچتے ہی سب بچے اپنا اپنا سامان لے کر بس سے اترے۔ پھر بن نے ایک اچھی سی جگہ ڈھونڈی۔ تھوڑی دیر بعد ہم سب جمع ہو کر کھانا کھایا۔ پھر استاد نے ہمیں اجازت دی کہ ہم ساحل پر کھیل سکتے ہیں۔ سب بچے اپنی اپنی گیند لے کر ساحل پر گئے اور کھیلنے لگے۔ ایک گھنٹے کے بعد استاد آ کر کہا: "چلو بچو! اب ہم اسکول واپس جا رہے ہیں۔ یہ سنتے ہی جلدی سے سب بچے اپنا اپنا سامان اٹھا کر بس میں سوار ہوئے۔ بس اسکول کی طرف آ رہی تھی۔ آتے وقت بھی سب بچے خوشی خوشی گانا گا رہے تھے، شور مچا رہے تھے، باتیں کر رہے تھے، اور ناچ رہے تھے۔ اس دن سب بچے تھک گئے تھے لیکن وہ بہت خوش تھے۔

طالبہ: فہمی بخش (چھٹی جماعت)

ایک طوفانی رات

رات کے گیارہ بج چکے تھے۔ ہوا بہت تیز چل رہی تھی۔ عمران کے والد کھڑکیاں بند کر رہے تھے کہ اچانک بجلی چلی گئی۔ سارے گھر میں اندھیرا ہو گیا۔ عمران ڈر کے مارے گھبرانے لگا۔ وہ اکیلا سونا نہیں چاہتا تھا۔ اس کی ماں نے کہا: "بیٹا! میں موم بتی جلاتی ہوں اور تم سو جاؤ۔" عمران کی ماں کچھ دیر کے لئے بستر پر بیٹھی رہی۔ جب عمران سو گیا، تو ماں دھیرے دھیرے اپنے کمرے میں چلی گئی۔ صبح کو جب عمران اٹھا تو اس کی ماں نے کہا: "بیٹا! طوفان گزر گیا اور ریڈیو پر یہ خبر آئی ہے کہ آج بھی اسکول بند رہیں گے"۔ عمران کھڑکی کے پاس گیا اور دیکھا کہ چاروں طرف گری ہوئی شاخیں اور پتے کے ڈھیر پڑے تھے۔ پھر وہ خوشی خوشی آنگن اور گھر کی صفائی کرنے میں اپنی ماں کی مدد کرنے لگا۔

بی بی مبطشوم پیویخش (چھٹی جماعت)

مچھلی کا شکار

دسمبر کا مہینہ تھا۔ رام، راج، رشید اور سلیم نے ارادہ کیا کہ وہ مچھلی کا شکار کرنے جائیں گے۔

اگلے روز وہ صبح سویرے اٹھے، ناشتہ کیا اور اپنا سامان لے کر سمندر جانے کے لئے تیار ہوئے۔ جب وہ سمندر پہنچے، وہ اپنی کشتی ساحل سے کھینچ کر سمندر میں لائے اور اس پر سوار ہو گئے۔ تھوڑی دور تک رام اور راج چپو چلاتے رہے اور پھر رام نے بادبان چڑھایا۔ ہلکی ہلکی ہوا چل رہی تھی اور کشتی آہستہ آہستہ ساحل سے دور ہوتی جا رہی تھی۔ ایک جگہ پر آ کر رشید نے بادبان اتارا اور کشتی رک گئی۔ پھر انہوں نے ماہکن کی ایک ڈوری نکالی جس میں کانٹا بندھا ہوا تھا۔ انہوں نے کانٹے پر چارا لگایا اور زور سے اسے دور پانی میں پھینکا۔ تھوڑی ہی دیر میں انہیں بہت سی مچھلیاں ملیں۔ وہ آپس میں مچھلیاں بانٹ کر خوشی خوشی اپنے گھر آئے۔ شام کو ان کے یہاں مزیدار مچھلی کا سالن بنا اور سب لوگوں نے خوب مزے سے کھائے۔

عارفہ زمن (چھٹی جماعت)

عجیب آدمی

بات ان دنوں کی ہے جب میں اسکول میں تعلیم حاصل کر رہی تھی ایک چھوٹے سے گاؤں میں ایک ضعیف شخص رہتا تھا۔ ضعیف آدمی دل کا بہت اچھا تھا۔ وہ بے ضرر تھا، کسی کو نقصان نہیں پہنچاتا تھا۔ لیکن وہ سدا عجیب و غریب طریقوں سے پیش آتا تھا۔ میرے خیال سے اس کی دماغی حالت ٹھیک نہیں تھی۔ اور اسی لئے اس کی حرکتیں کچھ عجیب و غریب تھیں۔

ہر صبح سویرے وہ اپنے کھانے پینے کا سامان لیتا اور بس اسٹاپ پر پہنچ جاتا۔ خدا جانے وہ ایسا کیوں کرتا، ہر روز وہ ایک بس اسٹاپ پر بس پکڑتا تو پھر اگلے ہی بس اسٹاپ پر اتر جاتا۔ وہاں رہ وہ ایک دوسری بس پکڑتا اور پھر سے اگلے ہی بس اسٹاپ پر اتر جاتا۔ لوگ کہتے تھے کہ یہ اس کے روز کا دستور تھا۔

آج تک میں متعجب رہی کہ اس ضعیف کا رویہ ایسا کیوں تھا۔ حالانکہ ایک بھی بس سے اپنی منزل تک پہنچ جاتا پھر بھی ایسی بے وقوفی کیوں؟۔ اس کے پیٹے کا مجھے کوئی علم نہ تھا لیکن سننے میں آیا تھا کہ صبح کو وہ اپنے گھر سے نکلتا، عجیب طریقوں سے پیش آتا اور پھر وقت پر اپنی نوکری پر پہنچتا۔ شام کے وقت، جب وہ گھر لوٹتا تو اسی طرح کی حرکتیں کرتا۔

خیر یہ رویہ ہر ایک کو حیران کر دیتا تھا۔ پھر بھی کوئی اس شخص سے سوال نہیں کرتا۔ سبھی اس سے لطف اٹھاتے خاص طور پر جب وہ بس میں عجیب عجیب باتیں کرتا۔ کبھی کبھی وہ زور زور سے کہتا: "ہائے! میری بیٹی کی شادی ہو گئی۔ اس کے یہاں گیارہ کمپیوٹر ہیں! کیا کروں؟ تو کبھی وہ زور زور سے ہنس کر کہتا: "اے بھائیو! آپ کو معلوم نہیں، میری بیٹی کے یہاں ایک نہیں، دو نہیں، تین نہیں بلکہ گیارہ کے گیارہ کمپیوٹر ہیں!"

اس بات پر بھی مسافر ہنس پڑے۔ پھر اچانک مہینوں بعد یہ معلوم ہوا کہ وہ ضعیف آدمی اپنا سامان باندھ کر کہیں دور چلا گیا اور اس دن سے آج تک اس عجیب و غریب آدمی کی کوئی خبر نہیں ملی۔

صوفی نایلہ فارم پانچ (شرما جگدمبی ڈیس ایس ڈیس)

کھیلیے اور انعام پائیے!

ہدایات (i) خالی خانوں میں ایک ہی حرف لکھ کر ایک لفظ بنائیے۔

(ii) خانوں میں حروف لکھنے کے بعد کیے گئے سوال کا جواب مندرجہ ذیل پتے پر بھیجیے:

Urdu Speaking Union
12, Ave. Osman, Quatre Bornes.

انعام پانے والے کو بذریعہ خط مطلع کیا جائے گا۔



سوال: خالی خانوں میں جو حروف دہرائے گئے ہیں ان پر مشتمل ایک پرندے کا نام لکھیے اور اس نام کو ایک محاورے میں استعمال کر کے معنی کے ساتھ لکھیے۔

Name :
Address :

Date Limit : 31st December 2004 Age Limit : 15 years

مختلف ممالک میں عید الفطر

ہندوستان میں عید

از: مولانا شاہد رضا
خطیب سیدنا غوث الاعظمؒ مسجد

پوری دنیا میں جہاں کہیں بھی دل ایمان ہیں جیسے ہی رمضان المبارک کا مبارک و مسعود چاند دیکھ لیتے ہیں فوراً ان کے دل میں یہ گدگدی ہونے لگتی ہے کہ آج سے ٹھیک ایک مہینے میں عید اپنی بہاروں کے ساتھ رونق پذیر ہونے والی ہے پھر من ہی من میں دل و دماغ کے کمرے میں عید کی زیب و زیبائش کے مختلف انوکھا رنگ کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ عید کا دن جو ایک عبادت کا بھی دن ہے در اصل عبادت میں تو سارے اہل ایمان متحد و متفق ہیں مگر اس کی تیاری، اس کے استقبال و استقبال، اس کے لئے سجنے دھجنے اور اس دن میں ضیافت و مہمان نوازی تمیز بانی کے الگ الگ اپنے اپنے طریقے ہیں۔

> ہندوستان کی وہ سرزمین جہاں پر کہ اچھی خاصی تعداد میں مسلمان رہتے اور بستے ہیں اور اپنی اسلامی زندگی اسلامی ڈھرے پر گزارتے ہیں وہ بہت مگن ہو کر عید کی تیاری کرتے ہیں۔

جس ہندوستان میں اچھے سے اچھے کپڑے خود بخود فیشن ہو کر ہر دن ہندسپلائی کئے جاتے ہیں تو آپ اسی سے اندازہ لگائیں کہ وہاں کے لوگ خود اپنے لئے بہترین کپڑوں کے کتنے شوقین ہوں گے اور ان کی چوائز (choice) کا معیار کتنا بلند ہوگا۔ اور حقیقت بھی یہی ہے کہ جب عید کے دن مرد، عورتیں، بچے، بچیاں اپنے جسم و زمین پر دیدہ زیب کپڑے فاخرہ لباس پہن کر نکلتے ہیں تو آنکھیں خیرہ رہ جاتی ہے اور ایک گنگنی سی بندھ جاتی ہے کپڑے بڑے ہی فیشن ایبل مگر مہذب ہوتے ہیں مغربیت سے خالی مذہبیت کے رنگ میں رنگے ہوئے ہیں۔ عید کے دن سب سے پہلا جو کام ہوتا ہے وہ یہ کہ لوگ غسل سے فارغ ہو کر اپنے تیار کردہ کپڑے زیب تن کرتے، بالوں کو سنوارتے اور خوشبوؤں سے معطر ہو کر گلی کوچوں کو مہکاتے جگمگاتے لبوں پر تسبیح کے کلمات سجا کر عید گاہ کو روانہ ہوتے ان کے پیچھے چھوٹے چھوٹے ننھے منھے بچے سج دھج کر گڑیوں کی سی صورت لیکر اپنے بڑوں کی انگلیاں تھامتے ہوئے مستانہ وار انداز میں اپنے دوسرے ساتھیوں کے ساتھ سرگوشیاں، شوخیاں کرتے ایک دوسرے کی مبارک بادی کی نگاہوں سے دیکھتے ہوئے خراماں خراماں عید گاہوں کی طرف بڑھتے جاتے ہیں دور سے دیکھنے پر ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جیسے اللہ تعالیٰ کی کوئی اور مخلوق فرش زمین پر اتر آئی ہوں جب کہ یہ وہی انسان ہوتے ہیں جو ایک دن پہلے سے آج کے اسی دن کی تیاریوں میں مصروف ہوتے ہیں تاکہ بارگاہ رب العزت میں سجدہ ریز ی کر کے سجدۂ شکر بھی ادا کریں اور نعمت خداوندی کا اظہار بھی کریں۔ نماز عید کے بعد لبوں پر مسکراہٹیں اور مبارکبادی کے کلمات لئے ایک دوسرے کو عید کی مبارکباد پیش کرتے ہیں آپس میں بغل گیر ہوتے مصافحہ اور معانقہ کرتے ہوئے اپنے گھروں کو روانہ ہونے سے پہلے اپنے آباو اجداد، رشتہ دار و اقارب کی قبروں اور بزرگوں کے مزارات پر حاضری دیتے ہیں۔ پھر جیسے ہی گھر پہنچتے ہیں اس وقت کا منظر دیدنی ہوتا ہے کہ ہر چھوٹا اپنے بڑے کے دامن سے لپٹ کر بگل کر اپنی عیدی یعنی تہواری کا مطالبہ کرتا ہے اور ہر بڑا اپنے چھوٹوں کو جہاں پیار و محبت سے نوازتا ہے اپنے گلے سے چمٹاتا ہے وہیں حسب حیثیت تہواری بھی عطا کرتا ہے۔

پھر لوگ اپنے پڑوسی اور رشتہ داروں کے یہاں مبارکباد پیش کرنے کے لئے پہونچتے ہیں، اس وقت لوگوں کی ضیافت، شیر خرما، سوئیاں، شاہی ٹکڑا گلاب جامن وغیرہ سے کی جاتی ہے۔ اس دن ہر گھر میں اچھے سے اچھا کھانا پر تکلف انداز میں تیار کیا جاتا ہے۔ اس طرح سے لوگ کم از کم تین دن تک عید کی خوشیوں میں مگن رہتے ہیں۔

پاکستان میں عید

قاری محمد یوسف شیخ
دار العلوم علیمیہ فیکلس

اسلامی جمہوریہ پاکستان کے ننانوے فیصد مسلمان ہر سال عید الفطر کا تہوار انتہائی مذہبی جوش و خروش کے ساتھ مناتے ہیں۔ پاکستان میں یوں تو اس مذہبی تہوار کو منانے کی تیاریاں رمضان المبارک کی آمد سے پہلے ہی شروع ہو جاتی ہے، لیکن جیسے ہی سرکاری طور پر عید کے چاند کا اعلان ہوتا ہے تو عید کے دن کی تیاریاں اپنے عروج پر پہنچ جاتی ہیں۔ عید کا چاند دیکھ کر لوگ خصوصی دعائیں کرتے ہیں۔ نوافل ادا کرتے ہیں۔ ایک دوسرے کو مبارکباد دیتے ہیں۔ رمضان جیسے مقدس و محترم مہینے کے جدا ہونے پر مغموم ہوتے ہیں اور ساتھ ہی عید کا دن حاصل ہونے پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں۔

پاکستان میں عید کی چاند رات کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ پوری رات برقی قمقموں سے سجے بازار کھلے رہتے ہیں۔ ہر طرف خریداروں کا ازدہام نظر آتا ہے۔ جس کی وجہ سے بازاروں میں پیدل چلنا مشکل ہوتا ہے۔ خصوصیت کے ساتھ چوڑیوں، جوتوں، مہندی، اور میک اپ کی دکانوں پر خواتین کا بے پناہ رش ہوتا ہے۔ عید کی چاند رات کو پاکستانی خواتین اور لڑکیاں اپنے ہاتھوں اور پیروں پر مہندی کے ڈیزائن بنواتی ہیں اور نت نئی ڈیزائن کی چوڑیاں انتہائی شوق سے پہنتی ہیں۔ خواتین میں مہندی اور نئی چوڑیوں کے بغیر عید منانے کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔ گھروں کی صفائیاں کی جاتی ہیں اور پھولوں سے سجایا جاتا ہے۔

اس طرح عید کی یہ چاند رات عید کے دن کی تیاریوں کی مصروفیت میں گزر جاتی ہے۔

عید کی صبح مرد نماز فجر کی ادائیگی کے بعد نماز عید کی تیاریوں میں مصروف ہو جاتے ہیں اور دوسری طرف خواتین صبح سویرے ہی سے کھیر، شیر خرمے، پھینی، سوئیاں اور طرح طرح کے لزیز کھانے تیار کرنے میں مصروف ہو جاتی ہیں۔ مرد اور بچے نماز عید سے پہلے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سنت کے مطابق میٹھی چیز کھانا پسند کرتے ہیں۔ پھر نماز عید کی ادائیگی کے لئے چھوٹے بچوں کے ہمراہ جامع مسجد یا عید گاہ جاتے ہیں۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد آپس میں ایک دوسرے سے گلے ملتے ہیں اور عید کی مبارکباد دیتے ہیں۔ بچوں کو پیار کرتے ہیں اور بچے اپنے بڑوں سے عیدیاں وصول کرتے ہیں۔

عید گاہ سے واپسی پر لوگ اپنے عزیزوں کی قبروں پر حاضری کے لئے قبرستان جاتے ہیں اور فاتحہ کرتے ہیں۔ وہاں سے فارغ ہونے کے بعد طرح طرح کی مٹھائیوں سے سجی ہوئی دوکانوں سے مٹھائیاں خریدنے میں اور بچوں کو غبارے اور کھلونے دلاتے ہوئے گھروں کو لوٹتے ہیں۔ گھروں میں خواتین شکرانے کے نوافل ادا کرتی ہیں۔ مردوں کی طرح خواتین بھی آپس میں گلے ملتی ہیں اور عید کی مبارکباد دیتی ہیں اور آپس میں تحفے تحائف کا تبادلہ بھی کرتی ہیں۔

> بچے اپنے بڑوں سے وصول کی ہوئی عیدی کو ٹھکانے لگانے میں مصروف رہتے ہیں۔ خوب آئسکریم، چٹ پٹے، دہی بھلے اور سموسے، چھولے کی چاٹ، دہی بھلے اور جھولا جھولتے ہیں۔ اور جب تک تمام پیسے ختم نہ ہو جائے ان کو سکون نہیں ملتا۔

عید سے چند دن پہلے لوگ اپنے قریب و جوار اور دور دراز کے رہنے والے رشتہ داروں اور دوست احباب کو انتہائی جاذب نظر اور خوبصورت عید کارڈ بھیجواتے ہیں۔ عید کے پہلے دن زیادہ تر لوگ اپنے گھروں ہی میں رہنا پسند کرتے ہیں لیکن جیسے ہی دن کا سورج ڈھلتا ہے لوگ اپنی فیملی کے ہمراہ پارکوں، ہوٹلوں اور قریبی رشتہ داروں کے گھروں کی راہ لیتے ہیں اور رات دیر تک وہیں رہتے ہیں۔

عید کے دوسرے دن عزیز رشتہ دار اور دوست احباب ایک دوسرے کے گھر مدعو ہوتے ہیں۔ خوب ڈوتیں ہوتی ہیں۔ قورمہ، بریانی، شامی کباب، چکن تکہ، سیخ کباب وغیرہ وغیرہ تیار کر کے بانٹے جاتے ہیں اور دعوتوں کا یہ سلسلہ تقریباً پورے ہفتے جاری رہتا ہے۔

مختصر یہ کہ پاکستان میں رہنے والے تمام مسلمان خواہ امیر ہو کہ غریب ہو ہر ایک اپنی استطاعت کے مطابق عید کے یہ پُر مسرت ایام انتہائی خوشیوں اور شادمانی کے ساتھ مناتے ہیں۔

کینیا میں عید

از: عابدہ الادی

کینیا (Kenya) کی تین کروڑ آبادی میں سے تقریباً بیس فی صد باشندے اسلام کے معتقد ہیں۔ اس کمتر مقدار کے باوجود عید الفطر جیسا مقدس تہوار بڑی شان و شوکت سے قومی طور پر منایا جاتا ہے۔ حالانکہ عام چھٹی کا دن ہوتا ہے دیہی اور شہری علاقوں میں اس بابرکت دن کو مختلف طریقوں سے مناتے ہیں۔

گاؤں میں بلا تصنع اور بہت ہی سادگی سے عید کی خوشی کا اظہار ہوتا ہے۔ صبح سویرے عید گاہ میں عید کی نماز ادا کرنے کے بعد لوگ اپنے روزمرہ کے معمول کے مطابق اپنے ذاتی کاموں میں لگ جاتے ہیں۔ چونکہ دیہات کے رہنے بسنے والے زیادہ تر زمیندار اور کاشتکار ہوتے ہیں اپنا بیشتر وقت کاشتکاری میں صرف کرتے ہیں۔

کینیا کے موباسا (Mombassa) شہر میں اسی فی صد مسلمان ہیں۔ ان میں سے بیشتر لوگوں کے آبا و اجداد مہاجر تھے جنہوں نے یمن (Yemen) سے ہجرت کر کے یہاں سکونت اختیار کر لی۔ اس وجہ سے ان لوگوں کی تہذیب و ثقافت میں عرب کا بڑا اثر ہے۔ بالخصوص ان کے مزاج اور معاشرہ پر۔ اہل عرب سے ان کی اب تک بہت وابستگی ہے حتیٰ کہ ان کی زبان میں جو 'صاحلی' زبان کے نام سے موسوم ہے عربی کے بھی کچھ الفاظ شامل ہیں۔

عید کے اس پُر مسرت موقع پر ان شہری اہلکاروں کے لیے ایک خاص نظام ہوتا ہے۔ موباسا جو ایک سمندری علاقہ ہے ماہ شوال کے چاند کے جنس کی خاطر لوگ مختلف گروہوں میں اپنے اپنے احباب کے ساتھ سمندر کے کنارے جمع ہوتے ہیں۔

بقیہ صفحہ ۹

بہت سے لوگوں کو ہم نے یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ "**ہمارے بعد..... کیا ہوگا ؟**" زندگی کے چاہے کسی بھی شعبے میں اگر اس جملے کا اطلاق کیا جائے تو ہمارے ناقص خیال میں بالکل درست ہوگا۔ کہنے والوں کو ہم نے یہ بھی کہتے سنا ہے کہ کاروبارِ زیست کے لیے کوئی بھی ناگزیر نہیں ہے اور ہمیں اکثر غالب کا یہ معنی خیز مصرعہ یاد آتا ہے" غالبِ خستہ کے بغیر کون سے کام بند ہیں "۔ یقیناً غالب جیسے عظیم شاعر نے کسرِ نفسی اور عاجزی وانکساری کا مظاہرہ کرتے ہوئے (اگرچہ یہ ان کی فطرت اور مزاج کے خلاف ہے) اس خیال کا اظہار کیا ہوگا۔ درحقیقت غالب جیسے نابغۂ روزگار روز روز پیدا نہیں ہوتے بقول اقبال چمن میں دیدہ ور بڑی مشکل سے پیدا ہوتا ہے۔ خیر کام تو بند نہیں ہوئے لیکن غالب کا انداز بیاں پانا ہر کس و ناکس کے بس کی بات نہیں۔ بہر کیف کاروانِ زندگی رواں دواں رہا ہے اور رہے گا۔ ہم کف افسوس ملتے رہ جائیں گے اور یہ کارواں اپنی منزل کی طرف گامزن رہے گا۔

آج ہماری قوم کی ناگفتہ بہ حالت سے ہر کوئی باخبر ہے۔ اخبارات میں وقتاً فوقتاً اس طرح کے دل دہلا دینے والے مضامین شائع ہوتے رہتے ہیں اور قوم مسلم کی حالتِ زار کا رونا رویا جاتا ہے۔ وجوہات کے انبار لگا دیے جاتے ہیں۔ جن میں ایک معقول سبب کسی معتبر اور قابل قائد کی کمی خصوصی طور پر بتایا جاتا ہے۔ ہمارے اسلاف نے ایسے معتبر قائدین ہی کی رہنمائی میں ترقی کی راہیں طے کی تھیں۔ ان کا شہرہ دور دور تک تھا۔ وہ زمانے میں سرفراز ہوئے اور سر اٹھا کر چلنے کے قابل تھے۔ زندگی نے کیسا پلٹا کھایا۔ آج بھی یہ جملہ خاص و عام میں زباں زد ہے کہ جو کام سر عبد الرزاق محمد کر گئے ان کا عشرِ عشیر شاید ہی کسی نے کیا ہو۔ وہ اپنی قبر میں (یقیناً) آرام کر رہے ہوں گے لیکن قوم کی بگڑی ہوئی حالت دیکھ کر ان کی روح ضرور تڑپ رہی ہوگی۔ قوم کے وہ مردِ مجاہد جیتے جی شاید یہی کہہ رہے ہوں گے **ہمارے بعد..... کیا ہوگا؟**

اردو کے حوالے سے مرحوم کی ایک بات ہمیں اس وقت یاد آ رہی ہے۔ تقریباً تین دہائی قبل ذی نیشنل اردو انسٹی ٹیوٹ میں منعقدہ ایک تقریب میں انہوں نے اساتذۂ اردو سے اپیل کی تھی کہ فروغ اردو کے لیے آپ تمام ہر ماہ ایک روپیہ جمع کریں اور میں اس جمع شدہ رقم کو دُگنا کروں گا۔ ادارے کے سکریٹری جنرل جناب عنایت حسین عیدن نے بھی اس امید افزا خواہش کی بھرپور تائید کی تھی مگر یہ بات کسی کے کان پر جوں تک نہیں رینگی اور ہمیں پھر وہی جملہ یاد آ رہا ہے : **ہمارے بعد..... کیا ہوگا؟**

ہمارے بعد.....

از صابر گودڑ

بات سے بات نکل پڑی تو ہمارے "معمار کا تیراک مذہبی رہنماؤں کے علمی سمندر میں غوطہ زن ہوا اور اس کی تہہ میں اسے چند در نایاب ملے جو اپنے فیضی تڑانے لگا کہ اس دار فانی سے کوچ کر گئے۔ جب وہ چیدہ حیات تھے تو لوگ پروانے کی مانند ان کے گرد گھومتے رہتے اور ان سے دینی و روحانی فیض حاصل کرتے رہے۔ ان کی ابدی نیند سو جانے سے ایک عالم ضرور متاثر ہوا ہے اور زمانہ آبدیدہ ہے۔ زبانِ حال سے یہی کہہ رہا ہے کہ ان مذہبی رہنماؤں کو بھی شاید یہی فکر دامن گیر رہی ہوگی کہ **ہمارے بعد..... کیا ہوگا؟**

جب ہم نے تخیل کے گھوڑے پر سوار ہو کر اپنا سفر جاری رکھا تو ہم نے ایک باوقار، نیم سرکاری ادارے اور تنظیم کی دہلیز پر اپنی نگاہ روک دی۔ ہماری متخیل آنکھیں ایک ایسی تجربہ کار، ذہین اور متحرک شخصیت سے دو چار ہوئیں جس نے اس ادارے اور تنظیم کے شجر کی آبیاری آنسوؤں سے نہیں بلکہ اپنے خونِ جگر سے کی تھی اور اس کے سائے میں بیٹھ کر آج ہزارہا لوگ زندگی کی کڑی دھوپ سے نکل کر چین و سکون کی سانس لے رہے ہیں۔ جب ہم رُکے ہی گئے تو از راہِ شرافت ان سے ہم کلام بھی ہوئے۔ سلسلۂ گفتگو نے اتنی طوالت اختیار کر لی کہ ہمیں بقول شخصے مرزا یاد آ گیا

عمرِ دراز مانگ کے لائے تھے چار دن
دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

بالآخر ہم اس نتیجے پر پہنچے کہ بہت ممکن ہے وقت کی تمازت اس شخصیت کو جھلس دے اور وہ بے برگ و بار شجر بن کر گوشۂ تنہائی میں گمنامی کی زندگی بسر کرے۔ اے بھی تنظیم کی فکر لاحق ہوگی اور سابقہ افراد کی طرح وہی جملہ منہ سے بے ساختہ نکل جائے۔ **ہمارے بعد..... کیا ہوگا؟**

"آپ بھی کہاں خیالی پلاؤ پکانے میں لگ گئے" ہمارے سائے (جو ہمارے ساتھ ہی رہتا ہے) نے جب ہم سے سوالیہ انداز میں یہ پوچھا تو ہم نے بطور دفاع ایک اور زندہ مثال پیش کر دی۔ یوں تو ہم بھی مثالوں کے انبار لگا سکتے ہیں لیکن اسی پر اکتفا کیا۔ وہ یہ کہ ناخلف اولاد نے باپ کی کمائی ہوئی دولت خوب لٹائی۔ اکلوتا بیٹا ہونے کی وجہ سے باپ اس کی ناز برداری کرتے رہے مگر پانی جب سر سے اوپر چڑھ گیا اور بیٹے نے کوئی ہنر نہیں سیکھا تو بوڑھے باپ جو ایک پاؤں اب قبر میں ڈال چکے تھے نے کفِ افسوس ملتے ہوئے کہا: اس فکر کے کا **ہمارے بعد..... کیا ہوگا؟**

"اس ہمارے بعد کیا ہوگا" نے ہمیں بھی فکر مند کر دیا ہے۔ ہم جو تھوڑی دیر پہلے اپنے آپ کو جسمانی و مالی طور پر صحت مند محسوس کر رہے تھے اب کچھ کچھ کمزور پانے لگے ہیں۔ کیا ہماری یہ سوچ صحیح ہے ؟ دماغ پر زور دینے کے بعد ہم پھر ہتھیلے اور تازہ دم ہو کر خود نگاہی میں مبتلا ہو گئے۔ "دنیا میں ایسے ہزاروں لوگ ہوں گے جن کے دم قدم سے محفل زندگی رونق افروز ہوتی ہوگی۔ کار جہاں چل رہا ہوگا۔ کیا وہ بھی یوں ہی سفر بیچ جملہ دہراتے ہوں گے؟ ہم خود شش و پنج میں پڑ گئے اور ہمارے پاس اس کا جواب نہیں تھا۔ شاید آپ کے پاس ہو! مگر کہیں ایسا نہ ہو کہ آپ بھی تھک ہار کر، زمانے کے بے رحم ہاتھوں تازیانے کھا کر یہ کہہ اٹھیں — **ہمارے بعد کیا ہوگا ؟**

نذرانۂ محبت

بکل ہتاہی

اے موریشس! تجھے مری ہر سانس کا سلام
اقوامِ بحرِ ہند کی تو آبرو تو ہے
میں بھارتی ہوں تیرے ہی بیتے دنوں کی یاد
میری زباں پہ کب سے تری گفتگو تو ہے
اردو ہے تیری روح تو ہندی ہے تیری جان
ہندوستانیت ہی ترا رنگ و بو تو ہے
سینے میں تیرے ہیں مرے ماضی کے حوصلے
اب آنے والے دن کو تری جستجو تو ہے
تجھ میں عرب رہے کبھی یوروپین رہے
اب میں ہی میں ہوں یعنی کہ اب تُو ہی تُو تو ہے
تیری طرف یہ میری طبیعت نہ کیوں کھنچے
شاید تری رگوں میں مرا ہی لہو تو ہے

مدیرِ اعلیٰ: فاروق بوچھا
مجلسِ ادارت:
☆ غلام محمد اسحاق ☆ بشیر لکھمیدی
☆ بی بی مریم گودڑ ☆ محمد طاہر دومن
☆ رشاد بروکر (برکت)

1 Sada-é-Urdu A publication of The Urdu Speaking Union

November 2004 - Shawwal 1425

ماہنامہ صدائے اردو

فانوس بن کے جس کی حفاظت ہوا کرے — وہ شمع کیا بجھے جسے روشن خدا کرے

اداریہ

صدائے اردو

چند مہینے پہلے جب میں نے نیو پارک کے قریبی مہاسی صاحب کی زبانی نیو پارک میں ہونے والی عالمی اردو کانفرس کا ذکر کیا تھا تو میں نے یہ بھی کہا تھا کہ اب اردو کی دنیا میں اللہ میر انہیں اجالا ہے۔ یہ بات میں نے اس لئے کہی تھی کہ آج کی اس مصروف دنیا میں جمعہ کے روز، اور وہ بھی بعد نماز جمعہ، ہال کا اس قدر بھر جانا خود میزبان جناب خلیل الرحمٰن صاحب کو حیرت میں ڈال دیا تھا۔ اگر چہ وہ افتتاحی جلسہ تھا پھر بھی اگلی نشست کے لئے لوگ اسی شوق اور لگن کے ساتھ شرکت کرتے رہے۔ اس وقت مجھے اس بات کا ذرا بھی علم نہیں تھا کہ اٹلی میں بھی اردو کا ایک دلدادہ اردو زبان کی قندیل روشن کئے جا رہے ہیں۔

ابھی کچھ عرصہ پہلے جب مجھے ارشد اقبال آرچی کا خط ملا تو مجھے حیرت بھی ہوئی اور بڑی خوشی بھی۔ خوشی اس لئے کہ چلئے دوستوں کی فہرست میں ایک اور اضافہ ہوا، اور حیرت اس لئے کہ ارشد اقبال کو میر سے متعلق اتنی معلومات کہاں سے حاصل ہوئیں۔ اگر چہ ان کو میر سے بارے میں اتنی معلومات حاصل بھی ہوئیں تو میر سے لئے اتنی حیرانی نہیں تھی جتنی کہ یہ جان کر کہ روم کی اس سرزمین میں آرچی صاحب جیسے ایک دیوانہ موجود ہے۔ تھوڑی دیر کے لئے مجھے ایسا محسوس ہوا جیسے آرچی صاحب بنجر زمین میں دانہ اگانے میں لگے ہوئے ہیں۔ پھر جب میری حیرت کم ہوئی تو یہ جان کر بڑی خوشی ہوئی کہ اردو کا ایک اور جھنڈا لگ گیا۔ اب کون کہہ سکتا ہے کہ اردو زبان کی دنیا میں اجالا نہیں اللہ میرا ہے۔

خیر صدائے اردو کے قارئین کو اس بار مجھے اردو کے جھگڑوں میں شامل کرنا نہیں بلکہ عید الفطر کے مقدس موقع پر عید کی مبارک باد پیش کرنا ہے۔ میری خدا سے یہی دعا ہے کہ جس طرح ہم اس بار عید کی خوشی میں شریک ہیں، اسی طرح ہمیں اور بھی عیدیں نصیب فرمائے۔ ابھی ابھی ہم نے خدائے پاک کی بارگاہ میں رمضان کے مقدس روزے رکھ کر ایک فرض کو پورا کیا۔ میں اردو اسپیکنگ یونین کی جانب سے، صدائے اردو کی لیڈ یٹوریل ٹیم اور خود اپنی طرف سے صدائے اردو کے قارئین کو عید کی دلی مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ خدا سے یہی دعا کرتا ہوں کہ ہم جس منزل کی جستجو میں سرگرداں ہیں اس کی طرف ہمیں سرگرم عمل کرے۔ آمین!

آؤ، اس مبارک مہینے میں ہم سب مل کر خدا سے دعا کریں کہ صدائے اردو سدا پھلے پھولے اور جلد سے جلد ماہانہ بن جائے تا کہ اردو کی دنیا میں ایک اور قندیل روشن ہو جائے۔ آمین۔

فاروق بوجھا

اردو اسپیکنگ یونین کا صدر دفتر

اردو اسپیکنگ یونین کے صدر
اور ممبران کی جانب سے قارئین
صدائے اردو کو عید مبارک

Sadae-é-Urdu
Khadafi Square
Plaine Verte
Port Louis
Mauritius
Tel: 241 0197
Tel: 242 1477

Printed by
Starprint
Tel: 240 8567